آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز پیر 03 اکتوبر 2022ء بمطابق 06 ربیع الاول 1444ھ | شمارہ نمبر 231

کابینہ نے عمران خان، باقی وزراء اور اعظم خان کے خلاف قانونی کارروائی کی منظوری دیدی

آڈیو لیکس معاملے پر وفاقی کابینہ نے سابق وزیراعظم عمران خان، ان کے ساتھی وزرا اور سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان کے خلاف قانونی کارروائی کی باضابطہ منظوری دیدی

جاری اطلاعات کے مطابق کابینہ نے ڈپلومیٹک سائفر سے متعلق آڈیو لیک پر ایف آئی اے کے ذریعے تحقیقات اور قانونی کارروائی کی منظوری دے دی۔ کابینہ نے 30 ستمبر کو عمران خان کی سائفر سے متعلق آڈیو لیک پر کابینہ کمیٹی تشکیل دی تھی

کمیٹی نے سفارش کی کہ ایف آئی اے انٹیلی جنس اداروں سے بھی افسران اور اہلکاروں کو ٹیم میں شامل کر سکتی ہے، کمیٹی نے سفارش کی کہ ایف آئی اے کی ٹیم جرم کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرے

اسلام آباد (این این آئی) آڈیو لیکس معاملے پر وفاقی کابینہ نے سابق وزیراعظم عمران خان، ان کے ساتھی وزرا اور سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان کے خلاف قانونی کارروائی کی باضابطہ منظوری دیدی۔ اتوار کو جاری اعلامیے کے مطابق کابینہ نے ڈپلومیٹک سائفر سے متعلق آڈیو لیک پر ایف آئی اے کے ذریعے تحقیقات اور قانونی کارروائی کی منظوری دے دی۔ کابینہ نے 30 ستمبر کو عمران خان کی سائفر سے متعلق آڈیو لیک پر کابینہ کمیٹی تشکیل دی تھی، کابینہ کمیٹی نے یکم اکتوبر کو منعقدہ اجلاس میں قانونی کارروائی کی سفارش کی، کابینہ کمیٹی کی سفارشات کو سمری کی شکل میں کابینہ کی منظوری کے لئے پیش کیا گیا، وفاقی بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس سے بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

ہم نے صوبے کے کسانوں اور کاشتکاروں کو سبسڈی دینے کا فیصلہ کیا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

متاثرہ اضلاع میں زمینداروں کے بجلی کے بلوں کو معاف کیا جائے ہر کسان کو زمین کی ہمواری کے لئے 500 گھنٹے ڈوزر اور 250 گھنٹے ٹریکٹر کے فراہم کیے جائیں

زراعت کا شعبہ ہمارے ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، صوبے میں سیلابی صورتحال ہمارے لئے امتحان اور آزمائش کی گھڑی ہے

سیلابی صورتحال سے پورا بلوچستان متاثر ہے اور ہمارے پاس وسائل بھی محدود ہیں پی ڈی ایم اے اور ضلعی انتظامیہ نے متاثرہ اضلاع بھرپور انداز سے امدادی سرگرمیاں جاری رکھی ہیں، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ن ج ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کے نمائندہ وفد کی یہاں ہونے والی ملاقات میں صوبے میں حالیہ سیلابی بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال، زرعی شعبے کو پہنچنے والے نقصانات اور سیلابی صورتحال کے باعث صوبے کے زمینداروں کو درپیش مسائل سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ کو بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری عبدالرحمن بازئی نے زرعی شعبے کو پہنچنے والے نقصانات سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ایک اندازے کے مطابق بلوچستان میں حالیہ سیلابی بارشوں سے 300 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے اور سب سے زیادہ متاثر ہونے والا زرعی شعبہ ہے سیلابی صورتحال کے باعث کینال کے نظام، ٹیوب ویلوں اور سولر سسٹم کو نقصان پہنچا ہے، ایکشن کمیٹی کے وفد نے ہمسایہ ممالک سے اجناس بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

نصیر آباد سرچ آپریشن 4 دہشتگرد ہلاک 2 سی ٹی ڈی اہلکار زخمی

ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کی لاشیں تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی گئیں مزید کارروائی جاری ہے، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) ضلع نصیر آباد میں سی ٹی ڈی کے سرچ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 4 دہشتگرد ہلاک، 2 سی ٹی ڈی اہلکار زخمی ہو گئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق گزشتہ شب نصیر آباد کے علاقے نوتال کے قریب گشت پر مامور سی ٹی ڈی کی گاڑی پر مبینہ دہشت گردوں نے بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں کورونا وائرس کا 1 کیس رپورٹ متاثرین کی تعداد 36002 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کا 1 کیس رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد 36002 ہوگئی۔ محکمہ صحت بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں وبائی امراض پھیلنے سے مختلف بیماریوں کے مزید 9528 کیسز رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں وبائی امراض پھیلنے سے مختلف بیماریوں کے مزید 9528 کیسز رپورٹ۔ محکمہ صحت بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

لورالائی میں خسرہ وباء سے تین ننھے بچے جان کی بازی ہار گئے

لورالائی (این این آئی) لورالائی کلی گری کلی غنچن اور آس پاس علاقوں میں خسرہ وبا پھوٹ پڑی اور کلی گری میں تین ننھے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں کاسی بکریہ ٹاؤن کے نام پر عوام کو لوٹا جا رہا ہے، انور درانی، نور اللہ ترین

کوئٹہ (این این آئی) ایکشن کمیٹی کاسی بکریہ ٹاؤن کے انور درانی اور نور اللہ ترین نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں کاسی بکریہ ٹاؤن کے نام بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

سیلاب کے باعث متاثرہ علاقوں میں اہم معاشی ذرائع کو شدید نقصان ہوا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملکی تاریخ کے بدترین سیلاب نے سندھ اور بلوچستان میں بڑے پیمانے پر معاشی ذرائع کو نقصان بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سائفر کی تحقیقات پر حکومتی آمادگی درست قدم ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سائفر کی تحقیقات پر حکومتی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کسان اتحاد کا دھرنا پانچویں روز میں داخل، مظاہرین نے (آج) حکومت کو ڈیڈ لائن دیدی

اسلام آباد (این این آئی) کسان اتحاد کا دھرنا پانچویں روز میں داخل ہو گیا، مظاہرین نے (آج) ہی تک حکومت بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسحاق ڈار کی واپسی اور کیسز سے بری ہونا آخر ممکن کیسے ہو رہا ہے؟ اسد عمر

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے سوال اٹھایا ہے کہ اسحاق ڈار کی واپسی اور کیسز سے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ڈینگی کیسز میں اضافہ، ہسپتالوں میں مریضوں کا رش، اموات بھی بڑھنے لگیں

کراچی کے 31 ہسپتالوں کے کورونا وارڈز ڈینگی آئسولیشن وارڈز میں تبدیل

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں ڈینگی کے تیزی سے پھیلاؤ نے خوف وہراس پھیلا دیا، کراچی کے 31 ہسپتالوں کے کورونا وارڈز ڈینگی آئسولیشن وارڈز میں تبدیل ہو گئے، پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں صورتحال بے قابو ہونے لگی، سیلاب متاثرہ علاقوں میں زیادہ کیسز سامنے بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

حکومت شوق سے سائفر کے معاملے کی تحقیقات کرے، ہمیں کوئی گھبراہٹ نہیں، شاہ محمود قریشی

ملتان (این این آئی) سابق وزیر خارجہ اور رہنما پاکستان تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ حکومت نے تحقیقات کا فیصلہ کیا ہے، شوق سے کریں، ہمیں کوئی گھبراہٹ نہیں ہے، ہم نے ایسا کوئی کام نہیں کیا جس سے ملک کے مفادات کو ٹھیس پہنچے، یہ وہی لوگ ہیں جو سائفر کو من گھڑت چیز کہتے تھے، دفتر خارجہ میں تیار کیا گیا، میڈیا بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

نارووال: وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آرمی چیف کی یو این سیکرٹری جنرل کے ملٹری ایڈوائزر سے ملاقات، باہمی دلچسپی، علاقائی سیکیورٹی پر گفتگو

یو این ملٹری ایڈوائزر کی امن دستوں اور انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں پاکستان کے کردار کی تعریف

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے دورہ امریکہ کے دوران یو این سیکرٹری جنرل کے ملٹری ایڈوائزر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی، علاقائی سیکیورٹی اور پاکستان میں جدترین سیلاب کی تباہ کاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ یو این ملٹری ایڈوائزر نے امن بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی سول انتظامیہ کے ہمراہ امدادی کارروائیاں جاری

کوئٹہ (این این آئی) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوہلو، بوان، بی، جعفر آباد، نصیر آباد، صحبت پور اور جھل بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے یو این سیکرٹری جنرل کے ملٹری ایڈوائزری جنرل پیٹر ایوپ ملاقات کر رہے ہیں

امریکہ سالہا سال سے پاکستان کا اہم اقتصادی اور تجارتی شراکت دار رہا ہے، مسعود خان

سفیر پاکستان مسعود خان کی امریکی کمپنیوں کو پاکستان میں موسمیاتی اثرات سے بچاؤ کیلئے انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کی دعوت

دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان قوانین کو فروغ دینے اور حکومت کی جانب سے پالیسی سپورٹ فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ تجارت کے شعبہ میں مضبوط پاک امریکہ شراکت داری پاکستان میں حالیہ بحران کو امریکی کاروباری کمیونٹی کیلئے موقع میں بدل سکتی ہے کہ وہ ایسے گرین اور موسمیاتی موافق انفراسٹرکچر کی تعمیر میں سرمایہ کاری کریں جو کہ مستقبل میں قدرتی آفات کا مقابلہ کر سکے، پاکستان میں حالیہ سیلاب اور امریکی ریاست فلوریڈا اور اسکے ملحقہ ریاستوں میں سمندری طوفان نے دونوں ممالک کی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

امپورٹڈ حکومت دھمکیاں دینے کے بجائے جیل میں ڈالا ہی دے، عمران خان

ملک میں حقیقی آزادی کی تحریک چل پڑی ہے، نہ ہمیں جیلوں اور نہ ہی نامعلوم ٹیلی فون دھمکیوں سے خوف ہے، ہمارے لیے جیل تو چھوٹی سی چیز ہے

قوم کا کپتان اپنی حقیقی آزادی کے لیے جان کی قربانی دینے کے لیے تیار ہے، طاقت ور حلقوں سے این آر او کی ڈیل کے بغیر اسحاق ڈار بھی پاکستان نہیں آ سکتا تھا، جلسے سے خطاب

ٹیکسلا (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت نے تیسری دفعہ میرے گھر پولیس بھیجی، امپورٹڈ حکومت سن لو، بجائے دھمکیاں دینے کے پکڑ کے جیل میں ڈال ہی دو، ملک میں حقیقی آزادی کی تحریک چل پڑی ہے، نہ ہمیں جیلوں اور نہ ہی نامعلوم ٹیلی فون دھمکیوں سے خوف ہے، ہمارے لیے جیل تو چھوٹی سی چیز ہے، قوم کا کپتان اپنی حقیقی آزادی کے لیے جان کی قربانی دینے کے لیے تیار ہے، طاقت ور حلقوں سے این آر او کی ڈیل کے بغیر اسحاق ڈار بھی پاکستان نہیں آ سکتا تھا، جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امپورٹڈ بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

جج دھمکی کیس، ہائی کورٹ نے عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کر لی

عمران خان نے اپنے وکیل بابر اعوان کے توسط سے درخواست ضمانت دائر کی تھی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے جج دھمکی کیس میں 10 ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کر لی۔ عمران خان نے اپنے وکیل بابر اعوان کے توسط سے درخواست ضمانت دائر کی تھی جس پر بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

مریم نواز کی عمران خان کے بارے میں رائے بالکل درست ہے، وزیر اطلاعات

عمران خان نے اپنی جماعت اور حامیوں میں بھی بیمار ذہنیت پھیلائی اور اس کی حوصلہ افزائی کی ہے

''بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں اب یہ نہیں پلٹیں گے'' مریم اورنگزیب نے قرآن کی آیت شیئر کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے قرآن کی آیت شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ''بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں اب یہ نہیں پلٹیں گے۔ اتوار کو اپنے ایک ٹویٹ میں وفاقی وزیر نے کہا کہ مریم نواز کی عمران خان کے بارے میں رائے بالکل درست ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمیں یہ معذرت خواہانہ عذر بیان اور ایک ایسے شخص کا نام مجبوراً لینا پڑتا ہے جو خواتین کو کم تر تصور کرنے کی ذہنی بیماری میں مبتلا ہے اور ہر روز کم ظرفی کے ایک نئے پاتال میں اتر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ہر بار یہی ثابت کیا کہ وہ عورتوں کی توہین، تحقیر کرتا ہے، ان کی عزت و احترام سے نابلد ہے، انہیں محض اشیا سمجھ کر بدکلامی ہی نہیں، ہراساں بھی کرتا ہے۔ عمران خان نے اپنی جماعت اور حامیوں میں بھی بیمار ذہنیت پھیلائی اور اس کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ یہ امر خاص طور پر نہایت مایوس کن اور افسوسناک ہے کہ پی ٹی آئی کی خواتین لیڈرز اور حامی بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

خضدار میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا

خضدار (این این آئی) خضدار میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے ہال میں فائرنگ کے نتیجے میں محمد اشرف پندرانی نامی شخص فائرنگ سے زخمی ہو گیا جنہیں خضدار ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔ خضدار میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

انڈونیشیا میں فٹبال میچ کے دوران بھگدڑ، 174 افراد ہلاک، 180 زخمی

فٹبال میچ میں ہارنے والی میزبان ٹیم کے حامیوں نے اپنی مایوسی کا اظہار کرنے کے لیے پچ پر سٹیڈیم کے اندر دھاوا بول دیا

پولیس افسران نے صورتحال پر قابو پانے کیلئے آنسو گیس فائر کی، جس سے بھگدڑ مچ گئی اور دم گھٹنے کے واقعات رونما ہوئے

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا میں ایک فٹبال میچ کے دوران بھگدڑ مچنے کے نتیجے میں 174 افراد ہلاک جبکہ 180 زخمی ہو گئے۔ پولیس نے صحافیوں کو بتایا کہ مشرقی جاوا صوبے میں مالنگ شہر میں واقع کنجوروہان اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے فٹبال میچ میں ہارنے والی میزبان ٹیم کے حامیوں نے اپنی مایوسی کا اظہار کرنے کے لیے پچ پر دھاوا بول دیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس افسران نے صورت حال پر قابو پانے کے لیے آنسو گیس فائر کی، جس سے بھگدڑ مچ گئی اور دم گھٹنے کے واقعات رونما بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

عمران خان کی نااہلی اور گرفتاری سے حکمرانوں کو کچھ نہیں ملے گا، شیخ رشید

سپریم کورٹ سائفر کی تحقیق نہیں کرے گا تو حالات گھمبیر ہو سکتے ہیں کم عقل حکمران ہر قدم اپنے خلاف اٹھاتے ہیں

دو ہفتوں سے بلاول بھٹو امریکا میں مزے کر رہا ہے اسے سندھ کے سیلاب زدگان کی کوئی فکر نہیں، سابق وزیر

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے متنبہ کیا ہے کہ سپریم کورٹ سائفر کی تحقیق نہیں کرے گا تو حالات گھمبیر ہو سکتے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں شیخ رشید احمد نے لکھا کہ عمران خان کی نااہلی اور گرفتاری سے حکمرانوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ کم عقل حکمران ہر قدم اپنے خلاف اٹھاتے ہیں، دو ہفتوں سے بلاول بھٹو امریکا میں مزے کر رہا ہے اسے سندھ کے سیلاب زدگان کی کوئی فکر نہیں۔ سپریم کورٹ سائفر کی تحقیق نہیں کرے گا تو حالات گھمبیر ہو سکتے ہیں کم عقل حکمران ہر قدم اپنے خلاف اٹھاتے ہیں۔ عمران خان کی نااہلی اور گرفتاری سے حکمرانوں کو کچھ نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی پولیس تھک چکی ہے 2 ہفتوں سے بلاول بھٹو امریکا میں مزے کر رہا ہے اسے سندھ کے سیلاب زدگان کی کوئی فکر نہیں سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ اب اعلیٰ عدالتوں سے منسلک ہے، 4 اکتوبر کو پیٹ ترامیم کیس کی سماعت بھی اہم بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

خواتین کو ہراساں کرنے کے عمل کو ہمیں ہر فورم مذمت کرنی چاہیے، شیری رحمن

کوئی مہذب معاشرہ عورتوں کو ہراساں کرنے کے اجازت نہیں دیتا

ہم کسی گالی گلوچ برگیڈ کو فروغ نہیں دے سکتے ہیں، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ خواتین کو ہراساں کرنے کے عمل کو ہمیں ہر فورم مذمت کرنی چاہیے کوئی مہذب معاشرہ عورتوں کو ہراساں کرنے کے اجازت نہیں دیتا، ہم کسی گالی گلوچ برگیڈ کو فروغ نہیں دے سکتے ہیں، جو مریم اورنگزیب کے ساتھ ہوا وہ کسی کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے، تحریک انصاف کو اس طرح کے واقعات کو فروغ دینے کے بجائے ان کی مذمت اور روک تھام کرنی چاہئے۔ وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

کسٹمز فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ کی کارروائی میں 2 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کسٹمز فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ کی کارروائی 2 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد کر لیا گیا۔ ترجمان کسٹمز حکام کے مطابق کسٹمز فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ نے رکھنی میں کارروائی کرتے ہوئے سڑے ہوئے سیب کی آڑ میں چھپائی گئی سگریٹس، پیزر، مصنوعی چائنیز نمک، اور ایک عدد ٹان کسٹم یا بابا موٹر سائیکل برآمد کر بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

مقبوضہ کشمیر، بھارتی افواج کے ہاتھوں کشمیریوں کے ماورائے عدالت قتل پر پاکستان کا اظہار مذمت

عالمی برادری بھارت کو معصوم کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے ظلم و ستم کا ذمہ دار ٹھہرائے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی قابض افواج کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر میں ماورائے عدالت قتل کی جاری مہم کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی برادری بھارت کو معصوم کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے ظلم و ستم کا ذمہ دار ٹھہرائے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ یہ بات انتہائی تشویش ناک ہے کہ بھارتی افواج کی جانب سے ماورائے عدالت قتل کا سلسلہ گزشتہ ایک ہفتے سے جاری ہے۔ 25 ستمبر کو ایک واقعہ میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے کپواڑہ کے قریب 2 معصوم کشمیریوں کو بھارتی قابض افواج نے بے رحمی سے قتل کر دیا تھا، 26 ستمبر کو ایک اور واقعے میں ضلع بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف کو میاں محمد منشاء 23 ملین روپے چیک پیش کر رہے ہیں

24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 276، کورونا کے 13 نئے کیسز رپورٹ ہوئے

کورونا سے لاہور میں ایک ہلاکت، ڈینگی سے کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی، ترجمان محکمہ صحت

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے ڈینگی کے 276 جبکہ کورونا کے 13 نئے کیسز سامنے آئے۔ محکمہ صحت کے ترجمان کے مطابق لاہور سے 119، راولپنڈی سے 69، گجرانوالہ سے 36، ملتان سے 11، فیصل آباد اور اوکاڑہ سے 5، 5، پاکپتن، شیخوپورہ اور سرگودھا سے 4-4، وہاڑی سے 3 جبکہ گجرات، سیالکوٹ، اٹک، بہاولپور، جہلم، منڈی بہاؤالدین، ٹھٹھہ سے 2-2، ساہیوال، حافظ آباد، ڈیرہ غازی خان، چکوال، رحیم یار خان اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے 1-1 کیس رپورٹ بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

سیلاب کی وجہ سے معطل ٹرین آپریشن ایک ماہ سات بعد جزوی بحال

خیبر میل، رحمان بابا ایکسپریس بحال، پانچ اکتوبر سے مزید تین ٹرینیں بحال ہوں گی

لاہور (این این آئی) سیلاب کی وجہ سے معطل ہونے والا ٹرین آپریشن ایک ماہ سات بعد بحال ہو گیا۔ محکمہ ریلوے کی جانب سے ٹرین آپریشن جزوی طور پر بحال کیا گیا ہے۔ خیبر میل کراچی سے پشاور اور رحمان بابا ایکسپریس کراچی کینٹ سے راولپنڈی کے لئے بحال ہوئی ہے۔ 5 اکتوبر سے قراقرم، کراچی ایکسپریس، پاک بزنس ایکسپریس کو بھی بحال کیا جائے گا، تمام ٹرینوں کو اضافی کوچز کے ساتھ چلایا جائے گا۔ لاہور اور کراچی کے درمیان چلنے والی ٹرینوں کا اوسط دورانیہ 22 گھنٹے رکھا گیا ہے۔ سفری بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

رجسٹریشن ڈرائیو لاہور کی جانب سے بلوچستان کے سیلاب زدگان علاقوں میں راشن تقسیم

کوئٹہ (آن لائن) رجسٹریشن ڈرائیو لاہور کی جانب سے بلوچستان کے سیلاب زدگان علاقوں میں راشن تقسیم اور میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں متعدد بے پناہ بچوں، گلی بالا، داؤ گزئی، تحصیل کاریز خانوزئی اور تحصیل پشین میں بروز پیر 3 اکتوبر منگل 4 اکتوبر کے بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کابینہ نے 100 ارب کے احساس راشن رعایت پروگرام کی منظوری دیدی، رجسٹریشن شروع ہو گئی، ڈاکٹر ثانیہ نشتر

80 لاکھ گھرانے آٹے، دال، گھی یا پکانے کے تیل پر 40 فیصد تک رعایت حاصل کرینگے، چیئرپرسن احساس پروگرام

لاہور (این این آئی) پنجاب احساس پروگرام کی چیئرپرسن ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ پنجاب کابینہ نے 100 ارب روپے کے احساس راشن رعایت پروگرام کی منظوری دیدی ہے جس سے 80 لاکھ گھرانے مستفید ہوں گے، اہل خاندان آٹے، دال، گھی یا پکانے کے تیل پر 40 فیصد تک رعایت حاصل کریں گے۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ احساس راشن پروگرام کیلئے رجسٹریشن کا آغاز ہو گیا ہے جو گھرانے اس پروگرام سے مستفید ہونا چاہتے ہیں وہ اپنی بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا پاکستان ریڈ کریسنٹ کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ گھرانوں میں مزید امدادی سامان تقسیم کیا جا رہا ہے

فلڈ ریلیف: پاکستان کو چین سے 90.2 ملین ڈالر موصول

گوادر پرو کے مطابق مون سون بارشوں اور سیلاب سے ملک میں 33 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے ہیں

چین میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سیلاب سے نمٹنے میں پاکستان کی مدد کے لیے متحرک ہیں، چینی سفارتخانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے لیے چین کی جانب سے مسلسل امداد کی کوششیں 644.1 ملین آر ایم بی (90.2 ملین امریکی ڈالر) سے تجاوز کر گئیں۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان کے بڑے حصے سیلابی پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں اور 33 ملین سے زیادہ لوگ مون سون کی بارشوں سے آنے والے غیر معمولی سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں، چینی سفارتخانے نے چین کی جانب سے پاکستان کے سیلاب متاثرین کی مدد کے بارے میں تفصیلات شیئر کیں جن کے مطابق چینی حکومت نے 400 ملین آر ایم بی، چینی فوج نے 100 ملین آر ایم بی، چائنیز چیمبرز ایسوسی ایشن فار فرینڈشپ ود فارن کنٹریز نے 125 ملین آر ایم بی اور چین کی ریڈ کراس سوسائٹی نے 2.1 ملین آر ایم بی کی امداد فراہم کی۔ گوادر پرو کے مطابق چینی سفارتخانے نے ایک بیان میں کہا کہ چین بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

حاجی احمد بلوچ کینسر مرض سے جان کی بازی ہار گیا

خضدار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما حاجی احمد بلوچ کینسر مرض سے جان کی بازی ہار گیا وہ کینسر مرض میں مبتلا اور ہسپتال میں زیر علاج تھے تاہم اتوار کے دوپہر کو وہ کراچی کے نجی ہسپتال میں انتقال کر گیا۔ حاجی احمد بلوچ کا تعلق خضدار کی تحصیل ہال سے ہے اور وہ بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

طوفان ایان نے فلوریڈا اور جنوبی کیرولائنا میں تباہی مچا دی، 66 افراد ہلاک

فلوریڈا (این این آئی) طوفان ایان نے ریاست فلوریڈا اور جنوبی کیرولائنا میں تباہی مچا دی، مختلف حادثات کے دوران ہلاکتوں کی تعداد 66 ہو گئی، مختلف علاقوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سمندری طوفان ایان کے باعث امریکی ریاستوں جنوبی کیرولائنا اور فلوریڈا کے مختلف علاقوں میں نظام زندگی مفلوج بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

سیاست کا نہیں، سیلاب متاثرین کی مدد کا وقت ہے، اقبال احسن

ہسپتال کے نام پر اربوں روپے اکٹھے کر کے سیاست کیلئے استعمال کئے، عوام کے پیسے پر ڈاکہ ڈال کر اپنی سیاست چلائی

ملک میں مہنگائی کی حالیہ لہر عمران خان کا دیا ہوا تحفہ ہے جس سے پوری قوم پس رہی ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ یہ وقت سیاست کا نہیں سیلاب متاثرین کی مدد کا ہے، عمران خان نے اپنی سیاست بچانے کیلئے نجی مفادات کے ساتھ کھیل کھیلا، لوگوں کو ورغلانے کیلئے عمران خان نے پی ایچ ڈی کر رکھی ہے، اپنے ذاتی مفادات کیلئے لوگوں کو استعمال کیا گیا، ہسپتال کے نام پر اربوں روپے اکٹھے کر کے سیاست کیلئے استعمال کئے، عوام کے پیسے پر ڈاکہ ڈال کر اپنی سیاست چلائی، عمران خان نے قومی اداروں کے خلاف ریڈ لائن کراس کی، پی ٹی آئی نے بیلی کاپٹر حادثہ کے شہداء پر بھی منفی سیاست کی، فارن فنڈنگ کرنے والے عمران خان کے بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

عمران خان خود کہا کرتے تھے قانون سب کیلئے برابر ہونا چاہیئے، قمر زمان کائرہ

عمران خان پہلے خود کو قانون کے سامنے سرنڈر کرے پھر قانون کی بالادستی کی بات کرے

عمران خان کی مرضی جیسی گرفتاریاں نہیں ہوں گی پنجاب حکومت کو گرانے کیلئے ہم کوئی غیر آئینی اقدام نہیں اٹھائیں گے، مشی

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نجی نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

03 اکتوبر 2022ء

فلڈ ریلیف، پاکستان کو چین سے 90.2 ملین ڈالر موصول

پاکستان کے لیے چین کی جانب سے مسلسل امداد کی کوششیں 644.1 ملین آر ایم بی (90.2 ملین امریکی ڈالر) سے تجاوز کر گئیں۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان کے بڑے حصے سیلابی پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں اور 33 ملین سے زیادہ لوگ مون سون کی بارشوں سے آنے والے غیر معمولی سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں، چینی سفارتخانے نے چین کی جانب سے پاکستان کے سیلاب متاثرین کی مدد کے بارے میں تفصیلات شیئر کیں جن کے مطابق چینی حکومت نے 400 ملین آر ایم بی، چینی فوج نے 100 ملین آر ایم بی، چائنیز چیمبرز ایسوسی ایشن فار فرینڈشپ ود فارن کنٹریز نے 125 ملین آر ایم بی اور چین کی ریڈ کراس سوسائٹی نے 2.1 ملین آر ایم بی کی امداد فراہم کی۔ گوادر پرو کے مطابق چینی سفارتخانے ایک بیان میں کہا کہ چین میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سیلاب سے نمٹنے میں پاکستان کی مدد کے لیے متحرک ہیں۔ آفت کے وقت چین پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مون سون بارشوں اور سیلاب سے ملک میں 33 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے ہیں اور ساتھ ہی 1678 افراد ہلاک اور 12864 زخمی ہوئے ہیں۔ این ڈی ایم اے کی تازہ ترین معلومات کے مطابق، 2,045,349 مکانات مکمل یا جزوی طور پر تباہ ہوئے ہیں۔ سیلاب سے 13,074 کلومیٹر سڑکوں اور 410 پلوں کو بھی نقصان پہنچا۔ پاکستان میں قائم کئی چینی کمپنیاں بھی امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے رہی ہیں جبکہ چینی حکومت کی جانب سے بھی بحالی کی سرگرمیوں میں مدد کی توقع ہے۔ گوادر پرو کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور دیگر پاکستانی حکام نے بار بار صدر شی جن پنگ اور چین کی حکومت کا اس نازک وقت میں مخلصانہ کوششوں اور مالی امداد پر گہرا شکریہ ادا کیا ہے۔ چین اور پاکستان قدرتی آفات کے دوران ایک دوسرے کی مدد کرنے کی طویل تاریخ رکھتے ہیں۔ پاکستان میں سیلاب متاثرین کے لیے بیجنگ کی جانب سے جاری امداد نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ چین ایک مخلص دوست اور دکھ سکھ کا ساتھی ہے۔

آپ خود ہی اپنی اداؤں پر غور کر لیں!

چوہدری خادم حسین

لال حویلی راولپنڈی کے شیخ رشید گھاٹ گھاٹ کا پانی پیے ہوئے ہیں اور زمانہ طالب علمی سے اب تک کسی گھاٹے کا سودا نہیں کیا، راولپنڈی ہی کے گیٹ نمبر 4 سے تعلقات کے دعویدار ہیں۔ آج کل ان کا رین بسیرا تحریک انصاف اور قبلہ بنی گالا میں ہے۔ وہ بقول خود عمران خان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں اور ان کو نجات دہندہ بھی قرار دیتے ہیں۔ تحریک انصاف کے دور حکومت میں اپنی پسند کی وزارتیں لینے میں کامیاب رہے تھے۔ وہ بذات خود سب سے سینئر سیاستدان ہونے کے دعویدار ہیں، ان کے اس دعوے کا جواب تو میاں رضا ربانی نے بھی نہیں دیا اور شاید سابق وزیراعظم محمد نواز شریف بھی درخور اعتنا نہیں جانتے کہ محترم اپنے اس لیڈر کے بارے میں ہر روز کچھ نہ کچھ کہتے رہتے ہیں، اگرچہ ان کے دور وزارت عظمیٰ میں اطلاعات جیسی وزارت کا اہل سمجھے گئے اور اپنے اس راہنما کی شان میں بھی قصیدہ گوئی کرتے رہتے تھے۔ اطلاعات کے مطابق محترم اپنے زمانہ طالب علمی ہی سے اہمیت اختیار کر گئے تھے اور اہم اداروں کی آنکھ اور کان بنے ہوئے تھے، ان کو بڑی بڑی باتیں کہنے اور ایسے ہی دعوے کرنے کا جنون ہے اور وہ فقرے بازی میں بھی اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ شاید عمران خان کے ساتھ موجودہ "مضبوط تعلق" کی وجہ بھی یہی عادت ہو، گزشتہ کچھ عرصہ سے ان کو پیش گوئیوں کی عادت ہو گئی ہے اور وہ ہر روز کوئی نہ کوئی گوہر افشانی فرماتے رہتے ہیں۔ شاید ان کی ایسی ہی عادات کی وجہ سے سینئر صحافی ثم لاہوری حال اسلام آبادی نصرت جاوید ان کو لال حویلی راولپنڈی سے اٹھے بقراط کہتے ہیں۔

قارئین! تعجب کی کوئی بات نہیں، آج محترم سیاست دان کا ذکر یوں کرنا پڑا کہ آج کل وہ پھر سے ملک میں خانہ جنگی کی بات کر رہے ہیں کہ ان کو خدا کا خوف نہیں، یہ وار رنگ وہ کافی عرصہ سے جاری کرتے چلے آ رہے ہیں اور اب اس میں شدت پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، اللہ کرے ان کی یہ خواہش بھی دفن ہو کر رہ جائے جیسے ایسی پیش گوئیوں کی تدفین پہلے بھی ہو چکی ہے۔ شیخ رشید کے بارے میں بعض احباب کی رائے ہے کہ وہ بلاوجہ ایسا کرتے ہیں اور مقصد اپنی اہمیت بنانا ہوتا ہے، یہ تاثر درست نہیں، اہمیت بنانے والی خیال آرائی تو درست ہے لیکن یہ جو کچھ وہ اب کہہ رہے ہیں یہ کھلی دھمکی ہے، جس کے پس منظر میں ان کی خواہش جھلکتی ہے کہ ایسا ہونا چاہیے، تاکہ ان کو تسکین کے ساتھ ساتھ کچھ اور بھی مل سکے۔ وہ خود تو بے اولاد ہیں کہ انہوں نے بوجوہ شادی کا جھنجھٹ ہی نہیں پالا، لیکن ان کو اپنے بھائی بھتیجوں سے پیار ہے عوامی بچوں سے کوئی غرض نہیں کہ اگر ان کی یہ "دلی مراد" پوری ہو گئی تو کتنے بچے یتیم ہوں گے اور کس کس گھر میں صف ماتم بچھے گی اس سے ان کو غرض نہیں، حالانکہ اپنی سینارٹی والے دعوے کے مطابق تو ان کو صلح کرانے والے بزرگ کا کردار ادا کرنا چاہیے۔

بات کچھ طویل ہو گئی، میں آج ان کی اس بات کا اس طرح ذکر کیوں کر رہا ہوں کہ ایسے ہی حضرات کپتان کو پسند ہیں اور وہ حضرات غلط فہمی میں مبتلا ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ ایسے ہی لوگ عمران خان کو گمراہ کر رہے ہیں، بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ عمران خان کو چار پانچ افراد کے ٹولے نے گھیر رکھا ہے، یہ وہی بات ہے جو ہر دور کے حاکم کے حوالے سے اسے بری الذمہ قرار دینے کے لئے کہی جاتی ہے، ماضی میں تو ایسا ہی سمجھا جاتا رہا اور اس پر پردہ بھی پڑا رہا، لیکن خان صاحب کی صورت میں جو قائد انصافیوں کو ملے اس نے یہ مفروضہ بھی پورے ثبوت کے ساتھ مسترد کر دیا ہے کہ خود خان صاحب بڑی سے بڑی بات کہہ گزرتے ہیں اور اکثر الفاظ تو کہاوت کی طرح ان کا تکیہ کلام بن کر رہ گئے ہیں، اگر آپ کو اعتبار نہیں تو سابق وزیراعظم کے حالیہ وکیل اور تحریک انصاف کے بنیادی رکن حامد خان کی تحریک انصاف کے سینئر نائب صدر اور سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چودھری کے بارے میں دی گئی رائے سے ہی اندازہ لگا لیں کہ وہ ان (فواد) کا نام بھی سننا پسند نہیں کرتے اور اب تو حامد خان نے واضح الزام بھی لگایا ہے کہ فواد چودھری، اپنے رہنما اور چیئرمین کو توہین عدالت میں سزا دلوانے کے خواہش مند ہیں کہ انہوں (فواد) نے پہلی پیشی کے موقع محترم چیف جسٹس کے حوالے سے غلط بیان دیا تھا۔

معلوم نہیں، آج ذہنی رو اس طرف کیوں جاری ہے۔ شاید اس کی وجہ حالیہ ماحول اور وہ خدشات ہیں جو میرے بھی دل و دماغ کو متاثر کر رہے ہیں، پھر سے دہراتا ہوں کہ ملک کا بہت بڑا حصہ آفاقی ابتلا کے باعث دکھ اور درد سے مغلوب ہے، لاکھوں لوگ اب بھی کھلے آسمان تلے بے سروسامان پڑے ہیں وہ گھر بار والے نہیں رہے، برساتی سیلاب نے ان کو بے چھت کر دیا ہے۔ تعمیر نو کے لئے ان کے پاس کچھ نہیں، بیماریوں بلکہ وبائی امراض سے ان کا واسطہ ہے۔ سیلاب نے اموات کا بھی تحفہ دیا تو اب وبائی امراض جانوں کا نذرانہ لے رہی ہیں، اتنے وسیع پیمانے پر نقصان ہوا کہ ازالہ ممکن نظر نہیں آ رہا، ہمارا ملک مقروض اور بقول بقراط لال حویلی "دیوالیہ کر چکا، صرف اعلان باقی ہے"..... اللہ نہ کرے ایسا ہو کہ "برق گرتی ہے تو بے چارے مسلمانوں پر" والی بات ہے کہ اب تک کی تصویر سے یہی ثابت ہوا کہ متاثرین کی 99 فیصد تعداد نچلے طبقے اور غریب گھرانوں پر مشتمل ہے جو پہلے ہی روح اور تن کا رشتہ برقرار رکھنے کے لئے روز جیتے اور روز مرتے ہیں، ان بڑی بڑی باتیں کرنے والوں کو کچھ نہیں ہوتا، ان حضرات کی بے حسی اور دادمیں تفاوت کا اندازہ لگانا ہو تو جو راہنما شیخ رشید سمیت بڑی باتیں کرتے ہیں، ان سے پوچھ لیں کہ انہوں نے اپنی ذاتی جیب سے ان بے خانماں افراد کی مدد کے لئے کیا دیا ہے، حالانکہ مراعات یافتہ طبقہ میں انہی کا شمار ہوتا ہے۔

دل کے پھپھولے جلانے والی بات ہے، میں تو پھر سے گزارش کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرو، اگر مسلمان ہو تو سوچو کہ اسلام نے تم پر کیا فرائض عائد کئے ہیں، صرف حقوق کی بات نہ کرو، فرائض کی ادائیگی پر بھی غور کرو، حالت یہ ہے کہ ملک و قوم موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے اتنی بڑی ابتلا میں مبتلا ہے اور آپ سب کو اقتدار، اقتدار کھیلنے سے فرصت نہیں، آپ حضرات اس سوال کا جواب کیوں نہیں دیتے کہ ساڑھے تین، پونے چار سال کی حکمرانی کے دوران آپ نے خود عوامی آزادی کیوں حاصل نہ کر لی، "امریکہ کی غلامی" ترک کرنے کی بجائے آئی ایم ایف کے پاس جا کر کڑی شرائط پر معاہدہ کیوں کیا اور پھر انحراف کر کے آنے والوں کے لئے گڑھا کیوں کھودا؟

میں ایسی بات نہیں کرنا چاہتا جو کہیں دور چلی جائے البتہ یہ عرض ضرور کروں گا کہ مسلمان ہونے کے دعویدار قرآن میں غور کیوں نہیں کرتے، کیا ان کے دلوں پر قفل پڑے ہوئے ہیں، قرآن ہی نے ہمیں ماضی بعید کی نافرمان قوموں کے انجام کی خبر دی ہے اور پھر اللہ کے آخری نبیؐ نے بھی تو آگاہ کیا ہوا ہے کہ اے امتیو! جیسا کرو گے، ویسا بھرو گے!

بات طویل ہو گئی، بعض دوستوں کو یہ بے معنی دعوے لگے گی، تاہم ایک حقیقت کی طرف آپ کی توجہ چاہتا ہوں کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف جب امریکہ جانے کے لئے لندن پہنچے تو ان کا مقصد ملکہ برطانیہ کی تدفینی رسومات میں شرکت بھی تھی، برطانیہ والے سوگ منا رہے تھے، ایسے میں آپ ہی کے ساتھیوں نے جو برطانوی شہریت کے حامل اور وہاں سے رزق کماتے ہیں، اس امر کو پس پشت ڈالا اور اپنے راہنما کے بیانیے کی پیروی کرتے ہوئے احتجاج کیا اور یہی مظاہرہ جمعہ کے روز اقوام متحدہ کے مرکزی دفتر کے باہر کیا، جب شہباز شریف اجلاس عام میں کشمیریوں پر مظالم کا ذکر کر رہے تھے اور باہر کشمیری اور کشمیریوں کے ہمدرد لوگ بھارت کے خلاف مظاہرہ کر رہے تھے، آپ کے پاس کیا جواب ہے؟

تیرے آن تے کھڑاک بڑے ہون گے

تیرے آن تے کھڑاک بڑے ہون گے، مڑے تے ماہیا ہن آون گے۔ بھائیو اور بہنو اپنی اپنی انگلی کی گھڑیاں ختم کر دو، بڑے بھیا واپس آ رہے ہیں ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ڈاکٹروں کے مشورے رد کرتے ہوئے بڑے بھیا نے وطن واپسی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ شہباز شریف سے ملاقات میں طے ہو گیا ہے اب انشاء اللہ ہمارے ن لیگ کے شرمندہ شرمندہ دوستوں، دانشوروں کا مورال ایسے بلند ہو گا جیسے بلے کی ہوا میں سدھ پتنگ کا ہوتا ہے۔ ہم تو پہلے ہی کہہ رہے تھے کہ یہ کیسی جمہوریت ہے جس میں عمران خان کو اتنی مقبولیت دلا دی جائے کہ وہ تاحیات لہوری میرا سڑکاں تے راج ہے گنگناتے پھریں۔ یہ پاکستانی جمہوریت ہے اس میں لیڈروں کو ان کی اوقات کے مطابق پاپولیرٹی دی جاتی ہے۔ کوئی اوقات سے دو دو کے گلاس کرے تو اس کے کن تھلے عدلیہ، علماء اور عدم اعتمادوں کے ذریعے ایسی دھتی ہے کہ بندہ دھوم چرکرا سایاں دا تیری کنن والی جیسے گانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ میاں صاحب آئیں گے کچھ شہباز میاں کی گوشمالی کی رنگ بازی ہو گی۔ دوٹ کو عزت دو کو شرطیہ نوے نکور پرنٹ کے ساتھ لایا جائے گا۔ یوں عمران خان کی مقبولیت کے اوپر گاڑی ڈال دی جائے گی۔ بھلا ہے کوئی بات کہ کسی سر پھرے کو دوبری اکثریت دے دی جائے۔ بھیا میرے

"جو دل دل لینے کا ڈھب جانتے ہیں
دو ترکیب دریکب سب جانتے ہیں"

عدالتیں، قانون، انصاف، آئین تو وہ پہلے ہی اچھے بچے ہیں انہیں پتہ ہے کہ اس کو تڑی لگانی ہے اور کس کے آگے لیماں پڑنا ہے ویسے بھی انصاف ٹی شانصاف کے لئے یہ 20 کروڑ کلہاڑے کیڑے۔ وجود ہیں جنہیں جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر جیسے مرضی جیلوں، تھانوں میں "تتی" دو۔ رہے امیر وزیر، مشیر ڈاڈھے چودھری تو یہ ملک بنا ہی ان کے لئے تھا۔ ہاں ہاں میرے آبا اجداد نے ایک آزاد مملکت جہاں سب کی عزت سانجھی، تعلیم، مستقبل اور قانون وانصاف سب کے لئے برابر ہو گا کا خواب دیکھا۔ لیکن میں ان کو انکی قبروں پہ جا کے بتا دوں گا کہ خواب کی تعبیریں ہمیشہ الٹ ہوتی ہیں۔ سنتا سنگھ ایک بار بھائی گیٹ کی تنگ گلی سے گذر رہا تھا کسی نے اوپر

ایثار رانا

سے سبزی ہوئی بدبودار دال پھینک دی، دال بنا کے سر پر گری دو ٹھیکے سے لال پیلا ہو گیا، چیخ کر بولا کس نے یہ حرکت کی ہے، کس کی جرات ہوئی، اوپر سے ایک باریک اور کمزوری آواز آئی بھائی جی میں نے پھینکی ہے، آواز کمزور لہجہ کمزور، سنتا سنگھ شیر ہو گیا ڈپٹ کر بولا توں تھلے آ، کچھ دیر بعد دروازہ کھلا اور ایک 6 فیٹا موٹا تازہ بندہ باہر آیا اور سنتا سنگھ سے اسی باریک آواز میں بولا، جی پاؤجی کیا بات ہے، سنتا سنگھ ہماری عدلیہ کی طرح مسکرایا اور بولا دال بہت سوادی اے دوبارہ کھوں سنو گے؟۔ یہی ہمارا نظام انصاف ہے جو نکمے بندے کی سبزی کی دال چاٹ چاٹ کر کہتا ہے واہ جوان سواد آ گیا۔

دیکھیں بھائی یہ پی ٹی آئی والوں کی گھٹی میں پڑا ہے کہ چھوٹے میاں صاحب کچھ بھی کریں کیڑے ضرور نکالنے ہیں۔ وہ آٹا نہ بھی گوندھیں تب بھی شور مچائیں گے بلدے کیوں پئے او۔ بھائی ہمارے چھوٹے بھیا کے چکنا کاروں اور طاقتور یاروں سے پوری دنیا واقف ہے۔ جو عظیم راہنما اس پورے نظام کے سامنے تھوک سے پکوڑے تل سکتا ہے اگر اقوام متحدہ میں اس نے پیپر کو تھوک لگا کر پلٹ دیا تو کونسا گناہ کیا۔ میں تو اپنے چھوٹے بھیا کے ساتھ ہوں شہباز تیری پرواز سے جلتا ہے زمانہ۔ اس لئے آپ کسی کی فکر نہ کریں حتمہ 22 کروڑ مفلوک حال، شانتی کا ڈھونڈرا کی بھی۔ یہ نظام، یہ اقتدار، یہ شہرت، یہ سہولتیں سب آپ کے لئے ہیں۔ یہ پوری سلطنت کب سے مافیا کو لوریاں دے رہی ہے۔ "اک میرا چاند اک میرا تارہ، ابو کی لاڈلی ابا کا پیارا" گا رہی ہے۔ اس لئے آپ کم چک کے رکھو۔ سنتا سنگھ سوچ میں گم تھا بتانا نہ پوچھا تو بولا یار دل کر رہا اے خالص دودھ ہو، کرچی کے چاول ہوں، خالص دیسی شکر ہو اور اس کی کھیر بنا کر گرم گرم انگل کے ساتھ کھاں، بنتا سنگھ بولا تمہارے پاس کھیر کے لئے کیا ہے؟ سنتا سنگھ نے مسکرا کے کہا انگل۔ تو میرے سجنو، متر، کھنڈ دے کھنڈ نو بوجے سارے سوہنے۔ یہ دسائل کا دودھ، کرچی کے چاول، یہ مفادات کی شکر سب آپ کے لئے ہے اللہ آپ کی انگل کو سلامت رکھے یہ انگل ہے تو قوم ہے یہ انگل ہے تو ریاست پاکستان ہے۔

آخر موت نے اُسے پچھاڑ دیا

20 فروری 1943ء۔ کور ریسلنگ کی دنیا۔ میں آفتاب درخشندہ کی مانند ابھرنے والا خورشید ماہتاب 1 اکتوبر 2022ء) کو ڈوب گیا۔ یہ ایک جاپانی ریٹائرڈ پیشہ ور پہلوان، مارشل آرٹسٹ، سیاست دان اور پیشہ ور ریسلنگ اور مخلوط مارشل آرٹس کا پروموٹر تھا۔ جو اپنے رنگ نام انتونیو انوکی Antonio Ino سے زیادہ مشہور ہوا، ایک ساتھی پیشہ ور پہلوان انتونیو روکا کو خراج تحسین ہے۔ انوکی بارہ بار کی پیشہ ورانہ ریسلنگ ورلڈ چیمپیئن آئی ڈبلیو جی پی ہیوی ویٹ چیمپیئن اور پہلا ایشین ڈبلیو ڈبلیو ایف ہیوی ویٹ چیمپیئن۔ ایک دور جو WWE کی طرف سے سرکاری طور پر تسلیم شدہ نہیں۔

ٹوکیو: جاپان کے عالمی شہرت یافتہ ریسلر اینوکی 79 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

جاپانی میڈیا کے مطابق ریسلر اینوکی کچھ عرصے سے خرابی صحت کے سبب اسپتال میں داخل تھے جہاں وہ جانبر نہ ہو سکے۔

جاپانی میڈیا کا کہنا ہے کہ اینوکی جاپانی عوام میں انتہائی مقبول تھے اور ان کی وفات پر حکومت اور عوام افسردہ ہیں۔

اینوکی پاکستان اور پاکستانی عوام سے بہت محبت اور انسیت رکھتے تھے، 1979 میں پاکستانی جمہارا پہلوان سے شکست کے بعد وہ پاکستان میں مقبول ہوئے تھے، اینوکی نے جمہارا پہلوان کی وفات کے بعد ان کے بھتیجے کو جاپان میں اپنی نگرانی میں تربیت دی، اینوکی پاک بھارت امن کے فروغ کے لیے واہگہ بارڈر پر امن واک کرنا چاہتے تھے۔

معروف جاپانی ریسلر انتونیو انوکی کی وفات کا اعلان اُن کی جانب سے بنائی گئی کمپنی نیو جاپان پرو ریسلنگ نے کیا۔ وہ طویل عرصے سے علیل تھے۔

انتونیو انوکی ساٹھ کی دہائی میں جاپان کے ریسلنگ حلقوں میں بڑا نام بن کر ابھرے۔ اس دوران اُنہوں نے کئی فتوحات اپنے نام کیں۔ تاہم اُنہیں 1976 میں اس وقت عالمی شہرت ملی، جب اُنہوں نے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد علی کے ساتھ مکسڈ مارشل آرٹس کشتی لڑی۔ 15 راؤنڈز تک جاری رہنے والا یہ مقابلہ برابری پر ختم ہوا۔ تاہم اس مقابلے نے عالمی سطح پر انوکی کی دھاک بٹھا دی۔

انوکی کی پاکستان کے ساتھ بھی کئی یادیں وابستہ تھیں، خاص طور پر ستر کی دہائی میں پاکستانی پہلوانوں کے ساتھ اُن کے مقابلوں کو لوگ آج بھی یاد کرتے ہیں۔۔ پاکستان کے اکرم پہلوان کو ہرانے سے لے کر قد آور فرانسیسی پہلوان آندرے کو اٹھا کر پٹخنے تک، معروف باکسر محمد علی سے مکسڈ مارشل آرٹس مقابلے میں حصہ لینے سے لے کر قبول اسلام تک؛ انوکی نے سبھی کچھ کیا۔ دنیا انہیں ہمیشہ یاد رکھے گی۔ 20 فروری 1943 کو انتونیو انوکی جاپان میں پیدا ہوئے۔ ان کا اصل نام کانجی انوکی تھا۔ انہوں نے 60 کی دہائی میں ریسلنگ شروع کی اور جلد ہی وہ دنیائے ریسلنگ میں جاپان کے سب سے بڑے کھلاڑی بن گئے۔ اپنی زندگی میں وہ 12 مرتبہ ورلڈ ریسلنگ چیمپیئن شپ کے فاتح رہے۔۔ ان کی شہرت کو چار چاند اس وقت لگے جب 1976 میں ورلڈ چیمپیئن باکسر محمد علی کے ساتھ انہوں نے مکسڈ مارشل آرٹس مقابلے میں حصہ لیا۔ یہ مقابلہ اتنا سنسنی خیز تھا کہ 15 راؤنڈز تک جاری رہا مگر پھر بھی فیصلہ کن ثابت نہ ہو سکا۔ دونوں پہلوانوں نے اپنا بہترین کھیل اور لاجواب صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مخالف کو جیتنے کا موقع نہیں دیا اور یوں یہ مقابلہ برابر رہا۔ اسے صدی کا سب سے بڑا مقابلہ قرار دیا گیا اور کہا جاتا ہے کہ جدید مکسڈ مارشل آرٹس کی بنیاد اسی مقابلے نے رکھی تھی۔

اس مقابلے کے بعد پاکستان کے مشہور بھولو خاندان سے تعلق رکھنے والے اکرم پہلوان نے انہیں مقابلے کا چیلنج دے دیا۔ 12 دسمبر 1976 کو کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں یہ مقابلہ ہوا۔ بنیادی طور پر یہ مقابلہ 6 راؤنڈ پر مشتمل تھا مگر تیسرے راؤنڈ کے دوسرے ہی منٹ میں مقابلہ ختم ہو گیا۔ انوکی کے آرم لاک نے اکرم پہلوان کو قابو کر لیا جس کے بعد دونوں کھلاڑیوں کے حامیوں کے مابین خاصی گرما گرمی بھی دیکھنے میں آئی۔ انوکی ہاتھ بلند کر کے اپنی جیت کا اعلان کر رہے تھے جبکہ دوسری جانب اکرم پہلوان ٹی وی کیمروں کے سامنے انوکی پر منفی کھیل کھیلنے کا الزام عائد کر رہے تھے۔

اکرم پہلوان کے بھتیجے اور بھولو پہلوان کے بیٹے ناصر بھولو اس مقابلے کے بارے میں کہتے ہیں کہ دراصل اس مقابلے سے پہلے چچا اکرم پہلوان سخت بیمار ہو گئے تھے اور ان کی شوگر خطرناک حد تک بڑھ گئی تھی۔ ان سے اس مقابلے کی تیاری بھی ٹھیک طرح سے نہیں ہو پائی تھی مگر یہ بات ان کی خاندانی روایات کے خلاف تھی کہ مقابلے کا چیلنج دینے کے بعد خود ہی اس سے منع کر دیا جائے۔ اس طرح مکمل طور پر صحت مند نہ ہونے کے باوجود اکرم پہلوان نے یہ کشتی لڑی اور اس حالت میں بھی مقابلے کو تیسرے راؤنڈ تک لے جانے میں کامیاب ہو گئے تھے۔ یہ کشتی پاکستان ٹیلی ویژن پر براہ راست نشر کی گئی تھی۔

1976 میں کراچی کے نیشنل سٹیڈیم میں انوکی نے اکرم پہلوان کو شکست دے دی اکرم پہلوان کی انوکی سے شکست کے بعد ان کے خاندان کی دوسری نسل بھی انوکی کے مدمقابل آئی۔ 17 جون 1979 کو لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں بھولو پہلوان کے چھوٹے بھائی اسلم پہلوان کے بیٹے زبیر عرف جمہارا پہلوان انوکی کے مدمقابل تھے۔ اس مقابلے کے 5 راؤنڈ ہوئے مگر یہ برابر رہا۔ مقابلے کے آخر میں انوکی نے جمہارا پہلوان کا ہاتھ فضا میں بلند کر کے ان کی جیت کا اعلان کر دیا۔ یوں ایک نسل کی شکست کا بدلہ اگلی نسل نے جا کر لیا۔ پاکستانی پہلوان گھرانے سے انتونیو انوکی کے اچھے تعلقات قائم ہو گئے اور بعد میں انوکی جمہارا پہلوان کے بھتیجے اور اسلم پہلوان کے پوتے ہارون عابد کو اپنے ساتھ جاپان لے گئے تاکہ وہ وہاں تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ پہلوانی کی تربیت بھی حاصل کر سکیں۔

1989 میں انوکی جاپانی پارلیمان کے ایوان بالا کے رکن منتخب ہو گئے۔ جب وہ پارلیمان میں پہنچے تو انہوں نے کئی ملکوں کے سفارتی دورے کیے اور جاپانی سفیر کے طور پر ان ملکوں سے بہتر تعلقات قائم کرنے کی کوششیں کیں۔ 1990 میں خلیجی جنگ کے دوران وہ عراق گئے۔ جنگ میں عراقی فوج نے کئی جاپانیوں کو یرغمال بنا لیا تھا۔ انوکی نے صدام حسین سے جاپانی یرغمالیوں کی رہائی کی درخواست کی جسے قبول کرتے ہوئے ان یرغمالیوں کو رہا کر دیا گیا۔ اسی دورے کے دوران کربلا کی زیارت کرنے کے بعد انتونیو انوکی نے اسلام قبول کر لیا۔ ان سے جب اسلام قبول کرنے کے حوالے سے پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ وہ کربلا کی مقدس تقریبات اور امن کے تصور سے متاثر ہو کر مسلمان ہوئے ہیں۔ ان کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ بدعت اور اسلام دشمنی کی تعلیمات کو ماننے والے تھے اور 2014 کے بعد انہوں نے اعلان کیا تھا کہ وہ صرف بدعت کے بیوکار ہیں۔

دسمبر 2012 میں ایک مرتبہ پھر وہ پاکستان کے دورے پر آئے۔ اس دورے پر انوکی کے ہمراہ کئی جاپانی پہلوان بھی آئے جنہوں نے لاہور اور پشاور میں کئی ریسلنگ مقابلوں میں حصہ لیا۔ اس دورے پر انہوں نے لاہور میں اکرم پہلوان اور جمہارا پہلوان کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ دسمبر 2021 میں انوکی چلنے پھرنے کے قابل نہ رہے اور وہیل چیئر تک محدود ہو گئے۔ بالآخر آج وہ اس دنیا میں اپنے کروڑوں مداحوں کو اداس چھوڑ گئے۔ دنیائے ریسلنگ سے وابستہ کھلاڑیوں کے علاوہ دنیا بھر سے تعلق رکھنے والی دیگر شخصیات نے انوکی کی موت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انتونیو انوکی جیسا عظیم کھلاڑی ہمیشہ اپنے مداحوں کے دلوں میں زندہ رہت گا۔ محمد علی سے مقابلے کے بعد قبول اسلام کرنے والے انوکی پہلوان نے زندگی میں سبھی کچھ حاصل کیا لیکن آخر۔ موت نے اسے پچھاڑ دیا۔

50 روپے دو

عبداللہ طارق سہیل

اسلام آباد کے ایک مہنگے فارم ہاؤس میں ہائی پروفائل قتل ہوا۔ ایک دولتمند امیرزادے نے اپنی کینیڈین شہریت والی بیوی کو جو اقوام متحدہ کے کسی ادارے میں آفیسر بھی تھیں' شدید تشدد کرنے کے بعد سر کچل کر ہلاک کر دیا۔ ملزم ایک دولت مند' ایلیٹ کلاس سے تعلق رکھنے والے ٹی وی ٹاکر کا بیٹا ہے اور خود بھی ایک سیاسی جماعت کا باثر رکن بھی ہے۔ عصر رواں کے قائد انقلاب کے ساتھ قاتل کی ایک تصویر بھی سامنے آئی ہے۔ حقیقی آزادی کے سلسلے میں ہونے والے جلسہ عام میں امام انقلاب کے ساتھ والی کرسی پر' ہاروں سے لدا تن کے بیٹھا ہے۔

قتل ہائی پروفائل ہے۔ اس لئے میڈیا پر اس کا چرچا ہے۔ قابل ذکر بات قتل سے زیادہ یہ ہے کہ ملزم نے پہلے بتایا اسے اپنی بیوی کے کردار پر شک تھا۔ اس لئے مار ڈالا۔ یعنی عورت پر شک ہو تو اسے مار ڈالو۔ اور اگر عورت کو شک ہو تو وہ کیا کرے' اور معاملہ کچھ یوں ہے کہ ریاست اور سماج کی ہمدردی ایسے کیس میں مقتولہ نہیں' قاتل کے ساتھ ہوا کرتی ہے۔ بعد ازاں ملزم نے وجہ قتل بدل ڈالی اور کہا کہ مجھے شک تھا کہ میری بیوی غیر ملکی ایجنٹ ہے اور اس کے ایما پر مجھے قتل کرنا چاہتی ہے۔ ایسا ہے تو یقیناً ملزم کے پاس اس "سائنٹر" کی کاپی ہو گی جو غیر ملکی طاقت نے بھیجا ہو گا اور جس میں مقتولہ کو اپنے خاوند کے خلاف غداری کی ہدایت کی گئی ہو گی۔

ملزم اور اس کا خاندان بااثر ہے۔ بے حد و حساب دولت کا مالک ہے۔ انقلاب مآب پارٹی کا پرجوش حصہ بھی ہے۔ غالب امکان ہے سزا نہیں ہو گی۔ میڈیا پر کچھ دن رونق البتہ اس ہائی پروفائل قتل سے لگی رہے گی۔ ظاہر ہے یہ قتل ان بے شمار وارداتوں جیسا نہیں جو ہر روز ملک میں ہوتی ہیں اور جن میں عورتیں شک کی بنا پر یا شک کے بغیر ہی قتل کر دی جاتی ہیں۔ ان کی چند سطری خبر اخبار کے کم از کم حصے میں ایک بار چھپتی ہے۔ پھر اس کا کوئی فالو اپ بھی نہیں آتا۔ نہ کوئی تعزیت کیلئے جاتا ہے' نہ کوئی انصاف کے تقاضے پورے کرنے کا جھوٹا یقین دلانے کیلئے۔ ایسی ہی بہت سی خبروں میں سے ایک یہ ہے جو 15 ستمبر کے اخبار میں شائع ہوئی۔ وجہ قتل ملاحظہ فرمایئے۔

سکھر کے محلے قریشی گڑھ میں ایک شخص نسیم شیخ نے اپنی بیوی کو محض اس لئے مار ڈالا کہ وہ گھر کے خرچے کیلئے اس سے 50 روپے (پچاس روپے) چاہتی تھی۔ 50 روپے میں تو محض سادہ پانی کی ایک بوتل آتی ہے۔ کسی "انوسٹی گیٹو جرنلسٹ" کو ضرور یہ معلوم کرنا چاہئے کہ ایسی کئی عورتیں ہیں جو 50 روپے کے نوٹ کو ترستی ہیں۔ بہت ساری ایسی عورتوں کا نام' پتہ اور کوائف مل جائیں تو اکٹھے ہو کر یہ بھی ایک ہائی پروفائل خبر بن سکتی ہے۔

پختونخوا کی ایک سرکاری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پشاور میں قتل کی وارداتوں میں بہت اضافہ ہو گیا ہے۔ سال گزشتہ اس شہر میں 379 افراد کو قتل کیا گیا۔ 571 افراد کو قتل کرنے کی کوشش کی گئی۔ وہ زخمی تو ہوئے' لیکن جان کے جانے سے بچ نکلے۔ یہ رپورٹ سی سی پی او پشاور نے پریس کانفرنس میں جاری کی۔

قتل کے واقعات کی گنتی لاہور میں سالانہ ہونے والے قتل کے واقعات سے زیادہ ہے جبکہ لاہور پشاور کے مقابلے میں سات گنا زیادہ بڑا شہر ہے۔ 2022ء میں پشاور کی آبادی 23 لاکھ اور لاہور کی ایک کروڑ 35 لاکھ تھی۔ لاہور میں سالانہ ساڑھے تین سو سے چار سو افراد تک قتل ہوتے ہیں۔ پشاور سے نسبت تناسب برابر کرنا ہو تو لاہور میں 21 سو قتل ہوتے۔ دوسرے لفظوں میں پش

شال بقیہ 1

کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے کابینہ کمیٹی کی سفارشات کی منظوری دی۔ کابینہ کمیٹی نے سفارش کی کہ یہ قومی سلامتی کا معاملہ ہے جس کے قومی مفادات پر سنگین مضر اثرات ہیں، قانونی کارروائی لازم ہے۔ کابینہ کمیٹی نے سفارش کی کہ "ایف آئی اے سینئر حکام پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ ایف آئی اے انٹیلی جنس اداروں سے بھی افسران اور اہلکاروں کو ٹیم میں شامل کر سکتی ہے۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ ایف آئی اے کی ٹیم جرم کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرے۔ ڈپلومیٹک سائفر سے متعلق عمران خان کی پہلی آڈیو 28 ستمبر کو منظر عام پر آئی تھی، ڈپلومیٹک سائفر سے متعلق عمران خان کی دوسری آڈیو 30 ستمبر کو منظر عام پر آئی، آڈیو لیکس میں عمران خان، اعظم خان، شاہ محمود قریشی اور اسد عمر سائفر تبدیل کرنے کے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 2

کی درآمد پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمسایہ ممالک سے سبزیوں اور پھلوں کی درآمد سے مقامی کاشت کار متاثر ہوتے ہیں اور مارکیٹ میں ان کی زرعی پیداوار کم داموں میں بکتی ہے وفد نے بتایا کہ متاثرہ اضلاع میں زمینداروں کے بجلی کے بلوں کو معاف کیا جائے ہر کسان کو زمین کی ہموار کے لئے 500 گھنٹے ڈوزر اور 250 گھنٹے ٹریکٹر کے فراہم کیے جائیں وفد نے وفاقی حکومت سے صوبے کے لئے زرعی قرضے کی معافی سمیت صوبائی سطح پر زرعی بیجوں اور کھادوں پر زمینداروں کو سبسڈی فراہم کرنے اور نقصانات کے ازالے کے لئے ہونے والے سروے میں زمینداروں کی نمائندگی یقینی بنانے کی درخواست کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زراعت کا شعبہ ہمارے ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ملک کے زیادہ تر لوگوں کا روزگار بھی زرعی شعبے سے وابستہ ہے صوبے میں سیلابی صورتحال ہمارے لئے امتحان اور آزمائش کی گھڑی ہے اور قوموں پر آزمائشیں اور مشکلات آتی رہتی ہیں انسان کو اللہ تعالیٰ نے صبر اور ہمت سے نوازا ہے ہمیں بھی اس مشکل وقت میں صبر اور ہمت سے کام لیتے ہوئے ایک دوسرے کے لئے سہارا بننا ہے انہوں نے کہا کہ آفت زدہ علاقوں میں ریلیف کا کام تو فوری طور پر کیا جاتا ہے لیکن متاثرین کی بحالی بر خاطر خواہ توجہ نہیں دی جاتی ہماری کوشش ہے۔

شال بقیہ 3

فائرنگ کر دی جس کی نتیجے میں اے ایس آئی واحد بخش اور سپاہی منگن خان اہلکار زخمی ہو گئے جبکہ سی ٹی ڈی کی جانب سے جوابی فائرنگ میں صدر واحد بیر بخش عمر 30 سال گولھ اکبر خان کھوسہ ڈانڈ اور مراد ولد دھنی بخش عمر 28 سال گولھ اکبر خان بگٹی درگھی صحبت پور سمیت 4 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ ترجمان کے مطابق ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے 3 دستی بم، 15 کلوگرام دھماکہ خیز مواد، 3 پستول اور 2 موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں گئیں۔ ترجمان کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کی لاشیں تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی گئیں مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 4

حکومت کو پیغام دینا چاہتا ہوں انہوں نے تیسری دفعہ میرے گھر پولیس بھیجی ہے، امپورٹڈ حکومت سن لو، ہمارے دھمکیاں دینے کے بکڑ کے جیل میں ڈال ہی دو، ساری قوم کو گواہ بنا کر پیغام دینا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں حقیقی آزادی کی تحریک چل پڑی ہے، تم جتنے مرضی لوگوں کو جیلوں میں ڈالو گے، تمہارے پاس اتنے جیل نہیں ہیں، قوم تیار ہے، میں بھی تیار ہوں۔ عمران خان نے کہا کہ نہ ہمیں جیلوں سے خوف ہے، نہ ہی نامعلوم ٹیلی فون دھمکیوں سے خوف ہے، ہر دوسرے روز ہمیں ڈرانے کی کوشش کی جاتی ہے، سب سن لو پاکستانی قوم نے خوف کا بت توڑ دیا ہے۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ قوم کا کپتان بھی تیار ہے، ہمارے لیے جیل تو چھوٹی سی چیز ہے، قوم کا کپتان اپنی حقیقی آزادی کے لیے جان کی قربانی دینے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 28 مارچ کو ساری قوم کو ایک مراسلہ دکھایا جس میں سازش واضح تھی کہ امریکی انڈر سیکرٹری آف اسٹیٹ نے پاکستانی سفارت کار کو حکم دیا۔

شال بقیہ 6

ہے، انہوں نے خبردار کیا کہ اگر چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی کال پر فیصلہ چوک اور چوارہے میں ہوتا ہے تو جھاڑو پھر جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ اب اعلیٰ عدالتوں سے منسلک ہے 4 اکتوبر کو نیب ترامیم کیس کی سماعت بھی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان کی کال پر فیصلہ چوک اور چوارہے میں ہوتا ہے تو جھاڑو پھر جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل سے ڈیل کی ضرورت ہے چوروں سے نہیں، اکتوبر اہم ہے 15 نومبر تک اہم سیاسی فیصلے ہو جائیں گے۔ شیخ رشید نے واضح کیا کہ عوام کے مسائل سے ڈیل کی ضرورت ہے چوروں سے نہیں، اکتوبر اہم ہے، 15 نومبر تک اہم سیاسی فیصلے ہو جائیں گے۔

شال بقیہ 7

گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی مرضی تھی گرفتاریاں نہیں ہوں گی، پنجاب حکومت کو گرانے کیلئے ہم کوئی غیر آئینی اقدام نہیں اٹھائیں گے، اسمبلی عمران خان کیخلاف آرٹیکل 6 نہیں لگانا چاہتی۔ عمران خان کے لانگ مارچ کے سوال پر قمر زمان کائرہ نے کہا کہ عمران خان کے علاوہ بھی بہت سے سوالات ہیں، ملک میں مہنگائی بڑھی ہے اس پر سوال کریں ملک میں سیلاب نے تباہی مچا رکھی ہے اس پر سوال کریں۔

شال بقیہ 8

میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے متعلق رکھنے والے افراد سیلاب سے نمٹنے میں پاکستان کی مدد کے لیے متحرک ہیں۔ آفت کے وقت چین پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مون سون بارشوں اور سیلاب سے ملک میں 33 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے ہیں اور ساتھ ہی 1678 افراد ہلاک اور 12864 زخمی ہوئے ہیں۔ این ڈی ایم اے کی تازہ ترین معلومات کے مطابق، 349,045,2 مکانات مکمل یا جزوی طور پر تباہ ہوئے ہیں۔ سیلاب سے 074,13 کلومیٹر سڑکوں اور 410 پلوں کو بھی نقصان پہنچا۔ پاکستان میں قائم کئی چینی کمپنیاں بھی امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے رہی ہیں جبکہ چینی حکومت کی جانب سے بھی بحالی کی سرگرمیوں میں مدد کی توقع ہے۔

شال بقیہ 9

ذریعے پاکستان میں انتشار اور انارکی پھیلا رہے ہیں، عمران خان اربوں روپے لگا کر چلے گئے رہے ہیں، دیگر پاکستانیوں کی طرح عمران خان کو بھی قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔ اتوار کو تارووال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان کا ہر قسم کا فراڈ اور جھوٹ سامنے آ چکا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ملک میں مہنگائی کی حالیہ لہر عمران کا دیا ہوا تحفہ ہے جس سے پوری قوم پس رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا ہر شخص دعوے کرتا ہے کہ ہم نے بڑی اچھی معیشت چھوڑی جبکہ حقیقت اس کے الٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم اقتدار میں آئے تو خدانخواستہ پاکستان ڈیفالٹ کی باتیں کی جاری تھیں اور اس بات پر شرطیں لگائی جاری تھیں کہ پاکستان ایک یا دو ہفتے میں سری لنکا بن جائیگا لیکن ہم نے قومی معیشت کو سہارا دیکر ڈیفالٹ سے بچایا ہے اور آج چار مہینوں کے بعد دنیا بھر میں پاکستان کی معیشت کے حوالہ سے کوئی منفی بات نہیں کی جاری۔

شال بقیہ 10

دہشتوں اور انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ اتوار کو آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے امریکہ کے سرکاری دورے کے دوران اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل کے ملٹری ایڈوائزر جنرل بیرامے ڈیوپ سے ملاقات کی جس کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سیکورٹی کی صورتحال سمیت پاکستان میں بدترین سیلاب کی تباہ کاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے اقوام متحدہ کی اقدار کے فروغ اور تنازعات کے دوران رد عمل میں اقوام متحدہ کے فوجی مشیر کے دفتر کے کردار کو سراہا۔ اقوام متحدہ کے ملٹری ایڈوائزر نے موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پاکستان میں سیلاب سے ہونے والی تباہی پر دکھ کا اظہار کیا اور متاثرین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کی۔ انہوں نے سیلاب متاثرین کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، اقوام متحدہ کے ملٹری ایڈوائزر نے اقوام متحدہ کے امن مشن میں پاکستان کی شراکت اور انسداد دہشت گردی میں غیر معمولی کامیابیوں کا بھی اعتراف کیا۔

شال بقیہ 11

آنے لگے۔ اسلام آباد میں ڈینگی بے قابو ہو گیا، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 104 نئے کیسز سامنے آئے، شہری علاقوں میں 56 کیسز، دیہی علاقوں میں 48 نئے کیسز سامنے آئے جس سے ڈینگی کیسز کی مجموعی تعداد 1923 ہو گئی۔ دیہی علاقوں میں ڈینگی کیسز کی تعداد 1150 ہو گئی، شہری علاقوں میں ڈینگی کیسز کی تعداد 773 ہے، اب تک ڈینگی سے 6 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، پمز ہسپتال میں ڈینگی کیسز کی تعداد 292 ہے، پولی کلینک میں 80، کیپیٹل ہسپتال میں 40 مریض زیر علاج ہیں ادھر پنجاب بھر میں ڈینگی کی صورتحال پوری طرح بے قابو ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے ڈینگی کے 385 مریض رپورٹ ہوئے۔ سیکرٹری صحت پنجاب کے مطابق لاہور سے 186، راولپنڈی سے 100، گوجرانوالہ سے 32 کیسز رپورٹ ہوئے، ملتان سے 13، شیخوپورہ، اوکاڑہ اور حافظ آباد سے 5.5 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ فیصل آباد، خانیوال سے 4، گجرات، بہاولپور، چکوال سے 3.3 کیسز رپورٹ ہوئے، قصور، اٹک، ساہیوال، سرگودھا، مظفر گڑھ، بہاولنگر، رحیم یار خان سے 2.2 کیس سامنے آئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ سیالکوٹ، وہاڑی، ننکانہ صاحب، نارووال، ڈیرہ غازی خان، ٹوبہ ٹیک سنگھ، میانوالی، لیہ سے ایک ایک کیس رپورٹ ہوا ہے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ڈینگی وائرس کے باعث کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی، رواں سال اب تک پنجاب بھر میں ڈینگی بخار سے 8 ہلاکتیں رپورٹ ہوئی ہیں۔ لاہور سمیت صوبہ بھر کے ہسپتالوں میں ڈینگی کے 1126 مریض داخل ہیں، لاہور کے ہسپتالوں میں ڈینگی کے 262 مریض داخل ہیں۔ کراچی سمیت سندھ بھر میں ڈینگی کے کیسز میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔

شال بقیہ 12

کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے 3 اضلاع سے 107 افراد کے کورونا وائرس کے ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 1 شخص میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی جبکہ 22 افراد کے نتائج آنا باقی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 11 ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کا شکار کوئی مریض صحت یاب نہیں ہوا۔ رپورٹ کے مطابق صوبے اب تک کورونا وائرس سے 378 افراد کی اموات ہو چکی ہے۔

شال بقیہ 13

بلوچستان کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں ں نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، سبی، کچھی میں ملیریا کے 3131، سانس کے امراض کے 955، جلد کے امراض کے 1032، اسہال کے 950، ہیضہ کے 813، آنکھوں کے انفیکشن کے 140، ٹائی فیڈ کے 194 جبکہ بلڈ پریشر، شوگر سمیت دیگر امراض کے 2313 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ صحت کی جانب سے سیلاب متاثرہ علاقوں میں 34 میڈیکل کیمپس لگائے گئے جن میں 9528 افراد کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مختلف امراض کے 58 ہزار 6 سو 19 کیسز رپورٹ ہوئے۔

شال بقیہ 14

پر عوام کو لوٹا جا رہا ہے، کاسی بکریہ ٹاؤن کے فراڈ سے متعلق پولیس اسٹیشنز میں درخواستیں جمع کروا چکے ہیں لیکن کوئی ایکشن لینے والا نہیں ہے، نوحصار میں 48 ایکڑ زمین بغیر این او سی کے عوام کو فروخت کر دی گئی ہے، کیا یہ قانون کی خلاف ورزی نہیں ہے، حکومت سے مطالبہ ہے کہ جب تک کاسی بکریہ ٹاؤن ڈویلپمنٹ کا کام شروع نہیں ہوتا تب تک کاسی بکریہ ٹاؤن کی این او سی روک دی جائے، اگر ہمیں انصاف فراہم نہیں کیا گیا تو ہم مجبوراً کاسی بکریہ ٹاؤن کے دفاتر کی تالا بندی اور وزیر اعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کاسی بکریہ مالکان ہیلپلی میں لوگوں سے پیسے وصول کر چکے ہیں لیکن آج تک انہیں کوئی سہولت فراہم نہیں کی گئی جب ہم کاسی بکریہ کے دفتر جا کر ان سے رابطہ کرتے ہیں تو انکا رویہ بدلتا آمیز ہوتا ہے اور مین کی مد میں لی جانے والی رقم کو چھ اور آٹھ مہینوں کے بعد بھی ری فنڈ نہیں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا یہ کیو ڈی اے ایکٹ کی خلاف ورزی نہیں؟ کیا کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں ہے؟ کیا یہ فرسودہ نظام کی مکاری نہیں کرتا؟ کاسی بکریہ ٹاؤن کے فراڈ سے متعلق پولیس اسٹیشنز میں درخواستیں جمع کروا چکے ہیں لیکن کوئی ایکشن لینے والا نہیں ہے۔

شال بقیہ 15

پھول جیسے بچوں کی جان لے لی، دالبیان علاقہ کا محکمہ صحت سے ایمرجنسی بنیادوں پر خسرہ وبائی کنٹرول کرنے کیلئے اقدامات کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق لورالائی گرمی ٹکن اور مختلف علاقوں میں خسرہ وباء نے شدت اختیار کر لی اور متعدد بچے اس وباء کی نظر ہو گئے۔ علاقے کی ایک عالم کے مطابق خسرہ وباء میں مبتلا، تین ننھے پھول جیسے بچوں کی جان لے لی جبکہ کئی بچے خسرہ وباء کی مرض میں مبتلا ہے جس سے علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ پڑی اہلیان علاقہ نے محکمہ صحت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ خسرہ وباء کو کنٹرول کرنے کیلئے ایمرجنسی بنیادوں پر ٹیمیں تشکیل دیں اور اس وباء کو کنٹرول کرنے کے لئے فوری طور پر اقدامات اٹھائیں۔

شال بقیہ 16

سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ وہی لوگ ہیں جو سائفر کو من گھڑت چیز کہتے تھے جسے دفتر خارجہ میں تیار کیا گیا، آج ہمارے موقف کو اس حکومت نے تسلیم کر لیا کہ یہ سائفر ایک حقیقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نے سائفر کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے نیشنل سیکیورٹی کا اجلاس بلایا جس میں اس سائفر کی نوک پلک دیکھی گئی اور تسلیم کیا گیا کہ یہ ایک مداخلت ہے، اس کے بعد نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کی متفقہ مقارش سامنے آئی کہ اسلام آباد اور واشنگٹن میں ڈیمارش کیا جائے، دفتر خارجہ نے اس ہدایت پر عملدرآمد کیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ نام نہاد آڈیو لیکس سے واضح ہو گیا کہ عمران خان نے اس وقت بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کیا اور ملک کا نام نہ لینے کی ہدایت کی، نہ ہمارا یہ مقصد تھا کہ کسی ملک کے سے ساتھ اپنے تعلقات کو بگاڑیں، یہ پاکستان کے مفاد میں تھا نہ ہے لیکن مداخلت کے خدشے پر دفاع کرنا حق ہے اور ہم نے وہی کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ہر ممکن کوشش کی کہ ملک کا نام سامنے نہ آئے تاہم جب آپ ڈیمارش کرتے ہیں تو یہ بات سامنے آئی ہی تھی کہ مراسلہ کہاں سے آیا اور اب یہ حقیقت پوری قوم کے سامنے ہے۔

شال بقیہ 17

ہی میں 13 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 871,13 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راشن کے ویکسٹس ہیلی کاپٹرز کے ذریعے بھی پہنچائے جا رہے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں بشمول قلعہ عبداللہ، بولان، سبی، خضدار، آواران، جعفر آباد، نصیر آباد، جھل مگسی، ڈیرہ مراد جمالی، اور صحبت پور میں سیلاب متاثرین میں 2661 راشن کے ویکسٹس 35400 پانی کی بوتلیں، 3095 کلوگرام اشیاء خورد و نوش جس میں آٹا، خوردنی تیل، چاول، چائے کی پتی اور چینی وغیرہ شامل ہے جبکہ 24933 کلوگرام دیگر اشیاء جن میں گرم کپڑے، کمبل، ٹینٹ، مچھر دانی، صابن اور دیگر روزمرہ ضروری اشیاء مستحق لوگوں میں تقسیم کئے گئے۔ پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے امداد برائے سیلاب متاثرین کے لیے کوئٹہ میں 6 کلنکیں بوائنٹس فعال ہے۔

شال بقیہ 18

کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت کو مزید بڑھا دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سفیر پاکستان نے صدر یو ایس چیمبر آف کامرس سوزین کلارک سے چیمبر کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سوزین کلارک نے پاکستان میں تباہ کن سیلاب سے ہونے والے جانی اور مالی نقصان پر دکھ کا اظہار کیا جس کی وجہ سے ملک کے ایک تہائی حصے میں فصلیں اور انفراسٹرکچر ملیا میٹ ہو گیا ہے۔ سفیر پاکستان مسعود خان نے فلوریڈا اور ملحقہ ریاستوں میں سمندری طوفان سے ہونے والی تباہی پر بھی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ سفیر پاکستان نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں بروقت سرمایہ کاری سے نہ صرف ہمارے مستقبل کو محفوظ بنانے میں مدد ملے گی بلکہ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے عالمی نقل مکانی، غذائی تحفظ کے بحرانوں اور دیگر گرین ہاؤس گیسز کا مقابلہ بھی کیا جا سکے گا۔ مسعود خان نے کہا کہ امریکہ سالہا سال سے پاکستان کا اہم اقتصادی اور تجارتی شراکت دار رہا ہے۔

شال بقیہ 19

سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے کی۔ عدالت نے انہیں جمعہ سے قبل متعلقہ عدالت سے رجوع کرنے کی بھی ہدایت کی۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز چیئرمین پی ٹی آئی کے وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے تھے جن کے پیش نظر اتوار کے روز اسلام آباد ہائی کورٹ میں عبوری ضمانت کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ جس کے بعد چھٹی کے روز ہی ہائی کورٹ دائری برانچ کا عملہ اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچا اور درخواست پر جسٹس محسن اختر کیانی نے چیمبر میں سماعت کی اور پولیس کو ان کی گرفتاری سے روک دیا۔ درخواست ضمانت میں موقف اختیار کیا گیا کہ عمران خان کے خلاف ابتدائی طور پر دہشت گردی کا مقدمہ بنایا گیا تھا۔ درخواست میں بتایا گیا کہ ہائی کورٹ نے دہشت گردی کی دفعات ختم کیں تو کیس انسداد دہشت گردی کی عدالت سے منتقل ہو گیا جس پر ضمانت بھی مسترد ہو گئی۔ درخواست گزار نے دعویٰ کیا کہ سیاسی مخالف حکومت نے بدنیتی کے تحت مذموم مقاصد کے لیے جھوٹا مقدمہ بنایا۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ کیس درج کرنے کا واحد مقصد کرپشن مافیا کے خلاف پرامن تحریک اور عمران خان کو گرفتار کر کے پرامن سیاسی مومنٹ کو روکنا ہے۔ عدالت کے باہر میڈیا سے بات کرتے عمران خان کے وکیل بابر اعوان نے کہا کہ 10 ہزار روپے کے مچلکے پر ضمانت ہوئی ہے اور عدالت نے 17 اکتوبر سے قبل متعلقہ عدالت سے رجوع کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے خلاف جتنے کیسز بنے کسی سیاسی لیڈر پر نہیں بنے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں میں پیش ہوتے رہے ہیں۔

شال بقیہ 20

پہنچایا ہے۔ نئی رپورٹ میں کہا گیا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث آنے والی آفت کے باعث زراعت کا شعبہ 84 فیصد، لائیو اسٹاک کا شعبہ 82 فیصد، مزدوری کا شعبہ 74 فیصد اور 47 فیصد ملازمتیں متاثر ہوئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق برطانیہ میں موجود عالمی امدادی ایجنسی اسلامک ریلیف کی جانب سے دونوں صوبوں میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا اندازہ لگانے کیلئے فوری ضروریات سے متعلق جائزہ رپورٹ میں کہا گیا کہ ان شعبوں میں ہونے والے نقصانات کے علاوہ سندھ میں ماہی گیری کا شعبہ 82 فیصد متاثر ہوا ہے۔

شال بقیہ 21

کو ڈیڈی لائن دیدی۔ کسان اتحاد دھرنا خیابان چوک پر دھرنا اتوار کو بھی جاری رہا، مظاہرین کی جانب سے (آج) پیر تک حکومت کا ڈیڈ لائن دیدی۔ مظاہرین کے مطابق پیر کو مطالبات نہ مانے گئے تو ریڈ زون کی جانب مارچ ہوگا، خیابان چوک کے گرد پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی، خیابان چوک سے ریڈ زون کی جانب جانے والے راستے سیل کئے گئے۔

شال بقیہ 22

بری ہوتا آخر فیصلہ کیسے ہو رہا ہے؟۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کل آپ نے حکومتی نمائندوں کی پریس کانفرنس سنی، جس میں سب کچھ تھا سوائے سچ کے، ان کی سازش کے 2 مقاصد تھے، عمران خان کو ہٹانا اور دوسرا اربوں کی جائیدادوں کو بچانا۔ اسد عمر نے کہا کہ ان کو بھی معلوم ہے کہ یہ لوگ عمران خان کا سیاست میں مقابلہ نہیں کر سکتے، پریس کانفرنس میں فرمائش کی جا رہی ہے کہ عمران خان کو گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مراسلے پر 2 الزامات لگائے گئے، ایک یہ کہ مراسلہ وزیر اعظم ہاؤس سے غائب ہو گیا، یہ انکشاف حکومت بنانے کے ساڑھے 5 ماہ بعد ہوا، آپ کی حکومت آئے چند روز گزرے تھے، قومی سلامتی کی میٹنگ بلائی گئی جس میں مراسلہ ڈسکس ہوا تھا، بغیر مراسلہ دیکھے ہوئے پوری میٹنگ بھی ہو گئی؟ قومی سلامتی کمیٹی کسی میٹنگ کے منٹس پر فیصلے نہیں کرتی۔

شال بقیہ 23

آمادگی درست سمت میں قدم ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر فواد چوہدری نے لکھا ہے کہ عمران خان کی حکومت ایک سازش کے تحت بنائی گئی۔ انہوں نے لکھا کہ انصاف کا تقاضہ ہے کہ تحقیقات ایف آئی اے کے بجائے سپریم کورٹ کا بنایا ہوا کمیشن کرے تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو سکے۔ پی ٹی آئی رہنما نے لکھا کہ اسی طرح کا کمیشن آڈیو لیکس کی تحقیقات کیلئے بھی بننا چاہیے۔

شال بقیہ 24

کوئگام میں ایک نام نہاد محاصرے اور تلاشی آپریشن کے بعد ایک اور معصوم کشمیری کو مار دیا گیا۔ ایک اور واقعہ 27 ستمبر کو ضلع کوئگام میں ہی پیش آیا تھا جہاں مزید دو کشمیریوں کو نام نہاد پولیس مقابلے میں گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا تھی کہ گزشتہ روز بارہ مولہ میں جعلی مقابلے میں ٹارگٹ کر کے قتل کر دیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نام نہاد محاصرے اور تلاشی آپریشن کے بعد کیے جانے والے جھوٹے مقابلے کے نتیجے میں کشمیریوں کا ماورائے عدالت قتل، قانون اور انصاف کے بنیادی اصولوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے اور یہ معصوم کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق اور آزادیوں کی پامالی ہے۔

شال بقیہ 25

رحمان "خواتین کے خلاف ہراسانی کے بڑھتے ہوئے واقعات" کے موضوع پر تقریب میں مہمانوں خصوصی کے طور پر خطاب کر رہی تھیں۔ تقریب کا انعقاد سی پی این اے اور فورتھ فلر کی جانب کی گیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خواتین کو ہراساں کرنے کے عمل کو ہمیں ہر فورم مذمت کرنی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کوئی مہذب معاشرہ عورتوں کو ہراساں کرنے کے اجازت نہیں دیتا، ہم کسی گالی گلوچ برگیڈ کو فروغ نہیں دے سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میں شہید بینظیر بھٹو اور بلاول بھٹو کی پارٹی سے تعلق رکھتی ہوں جہاں ہراساں کرنے کا کوئی سوچ بھی نہیں سکتا۔ شیری رحمان نے کہا کہ خواتین کے خلاف استحصال پر آصف علی زرداری سخت ایکشن لیتے ہیں، میں نے عورتوں کی جدوجہد پر ڈومنز پلیئنگ کتاب لکھی ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ پاکستان کی 49 فیصد آبادی خواتین پر مشتمل ہے، کسی بھی بحران کا سب سے برا اثر خواتین پر پڑتا ہے، پاکستان کی معیشت خواتین کی وجہ سے چلتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف کے فورم سے اخلاقیات کا جنازہ نکالا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 26

کے قبضے میں لی لیں۔ ترجمان کے مطابق برآمد سامان کی قیمت 2 کروڑ روپے بنتی ہے، مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 27

جال میں فائرنگ کے نتیجے میں محمد اشرف چدرانی نامی شخص فائرنگ سے زخمی ہو گیا جنہیں خضدار ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 28

ہوئے۔ انہوں نے اس واقعے کو ناری قرار دیتے ہوئے بتایا کہ مشتعل تماشائیوں نے پولیس افسران پر حملہ کرنا شروع کر دیا، انہوں نے کاروں کو نقصان پہنچایا، لوگ باہر نکلنے کے لیے دروازے کی جانب بھاگے اور اس دوران کئی افراد کچلے گئے۔ مقامی نیوز چینلز کی ویڈیو فوٹیج میں شائقین اسٹیڈیم میں بیچ کی جانب اس وقت دوڑتے دکھائی دیے جب ایریا ایف سی کی ٹیم پر سیہ سور ابایا سے بارش تھی۔ تصاویر میں ایسے لوگ بھی دکھائی دیے جو بھگدڑ کے نتیجے میں بظاہر ہوش کھو چکے تھے اور دیگر شائقین انہیں اٹھا کر لے جا رہے تھے۔ زخمیوں کا علاج کرنے والے ایک مقامی ہسپتال کے سربراہ نے بتایا کہ متاثرین میں سے کچھ کو دماغ پر چوٹیں آئی ہیں، مرنے والوں میں ایک 5 سالہ بچہ بھی شامل ہے۔

شال بقیہ 29

ہوا۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ڈینگی وائرس کے باعث کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق کورونا کے 13 نئے کیسز اور لاہور سے ایک ہلاکت رپورٹ ہوئی۔ لاہور سے کورونا وائرس کے 7، بہاولپور سے 2، سیالکوٹ، ساہیوال، ملتان اور فیصل آباد سے 1، 1 کیس رپورٹ ہوا۔ صوبہ بھر کے تمام شہروں میں کورونا کے مثبت کیسز کی مجموعی شرح 8.0 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

شال بقیہ 30

رجسٹریشن کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ کریانہ دکاندار بھی رجسٹریشن کروائیں، جو دکاندار پہلے سے پروگرام میں شامل تھے ان کو دوبارہ رجسٹریشن کی ضرورت نہیں۔ دکانداروں کو ہر سہ ماہی سیل پر 8 فیصد کمیشن اور ہر سہ ماہی میں قرعہ اندازی کے ذریعے قیمتی انعامات دیے جائیں گے۔

شال بقیہ 31

دن متاثرین سیلاب زدگان میں راشن تقسیم کیا جائے گا جبکہ 5 اکتوبر بروز بدھ اور 6 اکتوبر بروز جمعرات کو خانوزئی میں میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا آپ تمام دوستوں کے لئے بروز پیر صبح 9 بجے کوئٹہ پریس کلب سے گاڑی روانہ ہوگی۔ جس میں آپ تمام دوستوں کو شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

شال بقیہ 32

دوبارہ کے جائزہ 30 روز کے بعد دوبارہ لیا جائے گا اور اسے بتدریج کم کیا جائے گا۔ 5 اکتوبر کو قراقرم ایکسپریس 3 بجکر 30 منٹ پر لاہور کے لئے، بزنس ایکسپریس 4 بجے اور کراچی ایکسپریس 4 بجکر 30 منٹ پر لاہور کی جانب روانہ ہوگی۔ مچھلی کی جانب سے کراچی سے لاہور اور راولپنڈی کے لئے چلنے والی پانچوں ٹرینوں کی بکنگ کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ مسافروں کی سہولت کیلئے پانچوں ٹرینوں میں بوگیوں کی تعداد بڑھا کر 19 کر دی گئی ہے۔

شال بقیہ 33

پی این پی ٹھندار کے ترجمان بھی رو چکے تھے۔

شال بقیہ 34

مسلمانوں کا مشترکہ اثاثہ ہیں معاشرے میں ان کا مثبت کردار روز روشن کی طرح عیاں ہے، کچھ عناصر ذاتی عناد کی بنا پر کوئی بہانہ بنا کر اشتعال انگیزی پیدا کرنے کی کوشش کر کے مدارس کو بدنام کرنا چاہتے ہیں جس کی اجازت کوئی مسلمان نہیں دے سکتا، غیر قانونی طور پر مدارس کے نظام کو خراب کرنے والے پہلے بھی ناکام ہوئے اور آئندہ بھی ناکام ہوں گے۔ انہوں نے اساتذہ اور معززین کے ساتھ پیش ہونے والے بداخلاقی پر مبنی رویہ کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اور متعلقہ مجس

حکومت تعلیم کی ترقی کیلئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھے گی، طالبات قوم کا مستقبل ہیں، نصیب اللہ مری

ان کو سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت پوری اخلاص کے ساتھ کام کر رہی ہے، صوبائی وزیر تعلیم

ایک صوصلہ افزا رجحان ہے سرکاری اسکولوں میں بیجا تشدد سے طالبات کی صوصلہ شکنی ہوتی ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم نصیب اللہ مری نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ حکومت تعلیم کی ترقی کیلئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھے گی طالبات قوم کا مستقبل ہیں ان کو سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت پوری اخلاص کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں وزیر تعلیم کا کہنا تھا کہ گرلز ہائی اسکول لیکی بیگ کی طالبہ ہراسمنٹ کا نوٹس لیتے ہوئے تشدد کرنے والی ٹیچر کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائیگی ہے مارنہیں پیار کی پالیسی کے تحت طلبا وطالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا جائے گا بلوچستان میں طالبات بڑی تعداد میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں جو ایک صوصلہ افزا رجحان ہے سرکاری اسکولوں میں بیجا تشدد سے طالبات کی صوصلہ شکنی ہوتی ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا صوبے بھر کے ضلعی ایجوکیشن بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

نااہل حکمرانوں کو سر چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی، ذاکر خان ترین

پارٹی کی مقبولیت سے پی ڈی ایم اور وفاقی حکومت میں شامل جماعتیں بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف ضلع قلعہ عبداللہ کے سینئر نائب صدر ذاکر خان ترین نے کہا کہ امپورٹڈ حکمرانوں نے اگر پی ٹی آئی کے چیئرمین وسابق وزیر اعظم عمران خان کو گرفتار کرنے کی غلطی کی تو پی ٹی آئی کے کارکن پورے ملک کا پہیہ جام کر دیں گے، پی ٹی آئی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے پی ڈی ایم اور وفاقی حکومت میں شامل جماعتیں بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ذاکر خان ترین نے کہا کہ سابق وزیر اعظم بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

سیلاب متاثرین کی امداد میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، عائشہ زہری

راستوں کی بندش کی وجہ سے سیلاب متاثرین تک رسائی میں انتظامیہ کو مشکلات درپیش آرہی تھیں

نصیر آباد (ش ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر زیو۔ ٹی کامران اور محمد آصف کی نگرانی میں گڑھی رحمان اور بابا کوٹ میں سیلاب متاثرین میں راشن و دیگر سامان تقسیم کیا گیا اس سے قبل ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے متاثرہ علاقوں میں راشن و دیگر سامان تقسیم کرنے والے آفیسران کو سخت ہدایات دیں کہ سیلاب متاثرین کی امداد میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے راستوں کی بندش کی وجہ سے سیلاب متاثرین تک رسائی میں انتظامیہ کو مشکلات بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ٹی ایم ایف کی ٹیم کا ایک وفد صوبائی محکمہ خزانہ کے اعلیٰ افسران کے ہمراہ پی ٹی آئی کے صوبائی صدر ... ایم پی اے ... کی قیادت میں ... ہے

پاکستان نیوی کے اہلکاروں کا اور ماڑہ کے مقامی ماہی گیروں پر تشدد قابل مذمت ہے، آدم قادر بخش

گوادر (این این آئی) پاکستان نیوی کے اہلکاروں کا اور ماڑہ کے مقامی ماہی گیروں پر تشدد قابل مذمت ہے، نتیجے ماہی گیروں پر تشدد سے ظاہر ہے کہ مظلوموں پر جس کا جی چاہے تشدد کرے۔ نیشنل پارٹی کے صوبائی بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمت معمول پر آگئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمت معمول پر آگئی، ایل پی جی 240 روپے فی کلو میں فروخت کی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں بارشوں اور سیلابی صورتحال کی وجہ سے سوئی گیس کی سپلائی کی بندش اور دیگر علاقوں سے ایل پی جی کی سپلائی متاثر ہونے کے باعث ایل پی جی کی قیمت میں ہوشربا اضافہ رکارڈ کیا گیا تھا اور ایل پی جی فی کلو قیمت بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

قلات میں ہندو برادری نے شمشان گھاٹ کے بے حرمتی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

قلات (این این آئی) قلات میں ہندو برادری نے شمشان گھاٹ کے بے حرمتی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی سیاسی و مذہبی جماعتوں نے ہندو برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ریلی میں شامل ہوگئے ریلی قلات شہر کے مختلف سڑکوں پر مارچ کیا اور مطالبات کے حق میں نعرے لگائے۔ احتجاجی مظاہرین نے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں ملیریا کی ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، چیف سیکرٹری بلوچستان

متاثرہ اضلاع میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کو تین شفٹوں میں تعینات کیا جائے، تمام ڈپٹی کمشنر مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق خیموں کی حقیقی ضرورت سے آگاہ کریں

تمام ڈپٹی کمشنر مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق خیموں کی حقیقی ضرورت سے آگاہ کریں کوئی بھی سیلاب متاثر خیمے سے محروم نہ رہے، عبدالعزیز عقیلی

کوئٹہ (ش ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں ملیریا کی ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، متاثرہ اضلاع میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کو تین شفٹوں میں تعینات کیا جائے، تمام ڈپٹی کمشنر مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق خیموں کی حقیقی ضرورت سے آگاہ کریں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو سیلاب متاثرین کے لئے خیموں کی فراہمی اور ملیریا کی ادویات کی دستیابی سے متعلق امور کا جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت ڈی جی پی ڈی ایم اے کمشنر نصیر آباد متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں اور ڈی جی صحت کی بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے ہدایت کی کہ ملیریا کے تدارک کے لئے موثر اقدامات بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

ہندو پنچایت خضدار کی جانب سے قلات میں ناخوشگوار واقعہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

خضدار (این این آئی) ہندو پنچایت خضدار کی جانب سے قلات میں ناخوشگوار واقعہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے مظاہرین نعرے بازی بھی کر رہے تھے۔ خضدار پریس کلب کے سامنے مظاہرین سے بابو کنیا لال دیوان چندر پرکاش مجن لال رمیش کمار چاولہ مکیش کمار و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہندو صدیوں سے یہاں رہائش پذیر ہیں اور قلات ہندوؤں کا مسکن ہے صدیوں بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

ایران نے حالیہ جھڑپوں کے بعد تفتان بارڈر پر امیگریشن سمیت تمام گیٹس بند کر دیا

چاغی (آن لائن) ایران نے حالیہ جھڑپوں کے بعد تفتان بارڈر پر امیگریشن سمیت تمام گیٹس بند کر دیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز زاہدان میں جھڑپوں کے بعد ایرانی حکام نے چاغی سے متصل پاک ایران سرحدی شہر تفتان امیگریشن، ٹرانزٹ زیرو پوائنٹ گیٹ کو بند کر دیا ذرائع کے مطابق ایرانی حکام نے ایران میں موجود پاکستانیوں کو بذریعہ امیگریشن آنے کی اجازت دی جارہی ہے اور پاکستان کی طرف سے ایران میں داخل ہونے والوں کے لیے بند کر دیا ہے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

سردار اختر جان مینگل بلوچستان کے عوام کی آواز اور دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں، غلام حسین بلوچ

خاران (نمائندہ خصوصی) بلوچستان نیشنل پارٹی خاران کے زیر اہتمام خاران کے مختلف دیہاتوں گزی جاک نوہ ملک شکاری بھینٹ کورے بلک کلی سبزل وارڈ بڈو کہدانی کلی میر شکر خان ٹوہ ڈائی یسین گزلیڈ محی الدین وارڈ کلی بادو تی شیروزئی جنگل کلب وارڈ رحمان ڈاون سمیت مختلف دیہاتوں سمیت باپ پارٹی بڈو کے دیرینہ رہنما میر عطاء اللہ کہدانی کی اپنے برادری سمیت بی این پی میں شمولیتی پروگرام و دیگر علاقوں میں یونٹ سازی اجلاس منعقد ہوا بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

لاہور، پبلک سروس کمیشن کے امتحان میں شرکت کیلئے آنے والے امیدوار پر موبائل فون کرانے کیلئے قطار بنائے کھڑے ہیں

عمران خان کسی بھی وقت آزادی کی کال دے سکتے ہیں، داؤد خان اتمانخیل

عمران خان اور ان کے جانشین کی حقیقی آزادی اور انقلاب کا اصل روح ہے

لورالائی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف لورالائی کے ضلعی صدر داؤد خان اتمانخیل جنرل سیکرٹری حاجی حسن خان ناصر سینئر نائب صدر ولی درمان لوئی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی کابینہ یوتھ ونگ، انصاف سٹوڈنٹس فیڈریشن، اور یونین کونسل، سمیت یونٹ، کے کارکنوں اور ورکرز کو حقیقی آزادی مارچ میں شرکت کیلئے تیار رہنے کی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

روٹری کلب کراچی کے تعاون اور عوامی اتحاد تنظیم کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

سینکڑوں مریضوں کا مفت طبی معائنہ اور مفت ادویات دی گئیں

دیلا (آن لائن) روٹری کلب کراچی کے تعاون اور عوامی اتحاد تنظیم کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد سینکڑوں مریضوں کا مفت طبی معائنہ اور مفت ادویات دی گئیں کراچی کے ماہر ڈاکٹرز نے خدمات سرانجام دیں تفصیل کے مطابق روٹری کلب کراچی اور روٹریکٹ کراچی آف سن رائیز کے مالی تعاون سے عوامی اتحاد تنظیم کے زیر اہتمام اتوار کے روز بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

کوہلو، محکمہ زراعت اور ڈبلیو ڈبلیو ایف کے زیر اہتمام کاشتکاروں کیلئے ماوند میں منعقدہ سیمینار سے ڈپٹی ڈائریکٹر رضا مری، صدام، ابراہیم خان خطاب کر رہے ہیں

حکومت کچھی کے زرعی نقصانات کا ازالہ عوام کے ساتھ زیادتیاں ختم کرے، محمد زرند

بلوچستان میں حالیہ بارشوں اور سیلاب سے ضلع کچھی سب سے زیادہ متاثر ہوا جس سے ہزاروں مکانات منہدم ہوئے، بدقسمتی سے حکومتی دکام متاثرین کے دوروں تک محدود ہیں

کچھی کے اطراف پر صوبائی و وفاقی میں براجمان حکمران کا دورہ دیکھنے گئے مگر کچھی کے متاثرین کی داد رسی کے لئے کوئی بھی پہنچے نہیں آیا یہاں تک رہا ہے کہ کچھی کے عوام کا تعلق اس صوبے سے نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان و رکن بلوچستان اسمبلی سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ حکومت کچھی کے زرعی نقصانات کا ازالہ کرتے ہوئے عوام کے ساتھ زیادتیاں ختم کرے، بلوچستان میں حالیہ بارشوں اور سیلاب سے ضلع کچھی سب سے زیادہ متاثر ہوا جس سے ہزاروں مکانات منہدم ہوئے بدقسمتی سے حکومتی دکام متاثرین کے دوروں تک محدود ہیں کچھی کے عوام کے ساتھ جاری زیادتیوں پر مزید چپ نہیں بیٹھ سکتا اس لئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے کہتا ہوں کہ جان اللہ کو دینی ہے لہٰذا کچھی کے سیلاب متاثرین کے ساتھ ہونے والی ظلم اور ناانصافیوں کا سلسلہ بند کر کے ان کی دوبارہ آبادکاری کے لئے اقدامات کئے جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ سردار یار محمد رند بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

لورالائی، کمانڈنٹ لورالائی سکاؤٹس کرنل تیمور، جاوید مجیر زنیر ایجوکیشن آفیسر حمید اللہ بلوچ پروفیسر عبدالکریم اوڑ و دیگر قبائلی جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

اے ای اوز کو پی سی ایس کیڈر میں کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے، پی سی ایس ایگزیکٹو سروس

کابینہ کا فیصلہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے برعکس ہے جو کہ توہین عدالت کو دعوت دیتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سول سروسز (ایگزیکٹو) آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ خلاف قانون کسی قسم کا مرجر یا کسی اور سروس گروپ کا پی سی ایس کیڈر میں ضم کرنا قبول نہیں اس طرح سروس گروپ میں بے جا مداخلت کرکے اسسٹنٹ ایگزیکٹو آفیسران کو شامل کرنے والے کرداروں اور سہولت کاروں کو پہچانتے ہیں اور ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق رکھتے ہیں ایسے تمام کردار توہین عدالت کا مرتکب ہوئے ہیں انکے خلاف بطور ادارہ اور بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

سیلاب کی وجہ سے سیوریج سسٹم اور واٹر سپلائیز تباہ ہو چکے ہیں، عبدالقادر بلوچ

آلودہ پانی کے باعث متعدی انفیکشن کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، رہنما پاکستان پیپلز پارٹی

خاران (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق گورنر بلوچستان وسابق وفاقی وزیر جنرل رعبدالقادر بلوچ نے کہا ہے کہ اس وقت بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں سیلابی پانی اب بھی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا ہے، سیلاب زدہ علاقوں میں میں پانی اور آلودہ خوراک کے باعث اسہال، ہائیپاٹائٹس، ہیضہ، ٹائیفائڈ، ڈینگی ملیریا جیسے مہلک بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے۔ سیلاب زدہ علاقوں میں پینے کے پانی کی کمی، آبی آلودگی، غذائی قلت دیکھنے کو مل رہی ہے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

لاہور، سنی تحریک کی جانب سے نکالی گئی عید میلاد النبی ریلی کے شرکا سبیل سے پانی پی رہے ہیں

کوئٹہ میں آٹا، سبزیوں پھل فروٹ سمیت سب چیزوں کی قیمتوں کو پر لگ گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں آٹا، سبزیوں پھل فروٹ سمیت سب چیزوں کی قیمتوں کو پر لگ گئے مٹن اور بیل کا گوشت من مانی قیمتوں پر فروخت کیا جارہا ہے، شہریوں نے پرائس کنٹرول کمیٹی پر الزام عائد کیا کہ وہ گراں فروشوں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ضلع صحبت پور کی یوسی خداداد کے گاؤں میں گیارہ سو خاندانوں میں خشک راشن کی تقسیم ہوئی

ماچھی پور (نامہ نگار) دکھی انسانیت اور سیلاب متاثرین کی خدمت کرنا این جی اوز ترقی فاؤنڈیشن کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں جب جب بھی ملک میں سیلاب یا کوئی آفت آیا انٹرنیشنل این جی اوز ترقی فاؤنڈیشن صف اول پر کھڑی ہے ضلع صحبت پور کی یوسی خداداد کے گاؤں میں گیارہ سو خاندانوں میں خشک راشن کی تقسیم ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور کی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ہمارے گھر کے چار کمرے زمین بوس ہو گئے ہیں، رضا علی ڈرگھ

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد قربان کالونی کے رہائشی رضا علی ڈرگھ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے گھر کے چار کمرے زمین بوس ہو گئے ہیں حالیہ شدید بارشوں نے قربان کالونی میں بڑے پیمانے پر تباہی مچادی ہے مگر آج تک حکومت اور انتظامیہ نے ہماری کوئی دادرسی نہیں کی لیکن اللہ کا شکر ہے کہ جانی نقصان نہیں ہوا لیکن گھریلو تمام سامان زمین بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

آنے والے انتخابات میں پیپلز پارٹی حصہ لیکر بھرپور کامیابی حاصل کریگی، رزی خان کاکڑ

ملک کی موجودہ صورتحال کو دیکھتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی واحد پارٹی ہے جو ملک کو اس سنگین صورتحال سے نکال سکتی ہے

پاکستان پیپلز پارٹی کے عہدیداران اور کارکن صوبے بھر میں پارٹی کی فعالیت میں اپنا کردار ادا کریں، جنرل سیکرٹری پی پی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری لالا رزی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک کی موجودہ صورتحال کو دیکھتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی واحد پارٹی ہے جو ملک کو اس سنگین صورتحال سے نکال سکتی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کے عہدیداران اور کارکن صوبے بھر میں پارٹی کی فعالیت میں اپنا کردار ادا کریں آنے والے انتخابات میں پارٹی حصہ لیکر بھرپور کامیابی حاصل کریگی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے پارٹی کے صوبائی عہدیداروں صوبائی فنانس سیکرٹری ملک حمید کاکڑ، رابطہ سیکرٹری حاجی ربانی غلجی، بی ڈویژن کے صدر میر موسم خان غلجی، کوئٹہ ڈویژن کے سینئر نائب صدر جبار غلجی، پیپلز خواتین ونگ بلوچستان کی اپنی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

پیپلز لائرز فورم پاکستان کے صدر و سابق گورنر سردار لطیف کھوسہ، صوبائی جنرل سیکرٹری روی خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام حق اور سچ کی جماعت ہے، حافظ محمد اعظم بلوچ

ملک میں اسلام کی سربلندی اور حقیقی جمہوریت کے لئے جدوجہد کر رہی ہے

پنجگور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی سینئر بازی کا اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ منعقد ہوا، جس میں جمعیت علماء اسلام کے ضلعی عہدیداروں، یو ٹی آئی کے ضلعی کابینہ سمیت سینئر رہنما شریک ہوئے جمعیت کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالعزیز بلوچ نے ایجنڈا پیش کیا۔ اور رہنماؤں سے تجاویز لئے۔ اجلاس میں اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام 23 اکتوبر بروز اتوار صبح 10 بجے ضلع کونسل ہال میں ورکرز بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

اقتدار کی لالچ نے سب چوروں اور ڈاکوؤں کو پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم پر اکٹھا کر دیا ہے، ذاکر خان ترین

حکمران تحریک انصاف اور عمران خان کی عوامی مقبولیت سے گھبراہٹ کا شکار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف ضلع قلعہ عبداللہ کے سینئر نائب صدر ذاکر خان ترین نے کہا کہ امپورٹڈ حکمرانوں نے اگر پی ٹی آئی کے چیئرمین وسابق وزیر اعظم عمران خان کو گرفتار کرنے کی غلطی کی تو پی ٹی آئی کے کارکن پورے ملک کا پہیہ جام کر دیں گے، پی ٹی آئی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے پی ڈی ایم اور وفاقی حکومت میں شامل جماعتیں بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ذاکر خان ترین نے کہا کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کی گرفتاری جاری کرنا ملک کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت افراتفری پھیلانے کی طرف لانے کی سازش ہے جو کسی بھی طرح ملک اور قوم کے مفاد میں نہیں ہے۔ انہوں نے بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

اسلامی اقدار کو کسی صورت میں نیلام نہیں ہونے دیں گے، حافظ صدیق مدنی

جمعیت علماء اسلام پارلیمنٹ کے اندر اور باہر اسلام دشمن قوتوں کا تعاقب کرتے رہیں گی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علمائے اسلام حلقہ بوفرہ سٹی چمن کے نائب امیر مولوی حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اسلامی اقدار کو کسی صورت میں نیلام نہیں ہونے دیں گے جمعیت علماء اسلام ہر وقت اسلامی اقدار کے تحفظ کیلئے الرٹ رہے گی جمعیت تمام مذہبی طبقات کی ترجمانی کر رہی ہیں جمعیت نے ہر محاذ پر اسلامی اقدار پر حملہ کرنے والوں کا سازشوں ڈٹ کر مقابلہ کریں گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے پارلیمانی قیادت نے بلوچستان اسمبلی میں ٹرانس جینڈر بل کے خلاف قرار داد منظور کرایا انشاءاللہ بہت جلد قومی اسمبلی اور سینیٹ میں بھی جمعیت علماء اسلام بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر زیوٹی کامران اور محمد آصف سیلاب متاثرین میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے لیکن ہمیشہ صوبے کو نظر انداز کیا گیا، سردار لطیف کھوسہ

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو ترجیحی بنیادوں پر سیلاب زدگان کی امداد کو یقینی بنائے

پی ٹی آئی کالم گلوچ کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، پیپلز لائرز فورم پاکستان کے صدر وسابق گورنر سردار لطیف کھوسہ، صوبائی جنرل سیکرٹری لالا روزی خان کاکڑ، صوبائی انفارمیشن سیکرٹری سردار سربلند خان جوگیزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے لیکن ہمیشہ صوبے کو نظر انداز کیا گیا پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جس نے اقتدار میں آنے کے بعد صوبوں کو صوبائی خودمختاری اور بلوچستان کے عوام کے احساس محرومی کو ختم کرنے کیلئے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

جمعیت ضلع کوئٹہ کے وفد کی ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ سے ملاقات

ملاقات میں کوئٹہ میں امن وامان ڈکیتی قتل وغارت گیری اور دیگر مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق کی قیادت میں جمعیت کے وفد نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر میسر سے ملاقات کی وفد میں جمعیت کے سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ نائب امیر مولانا محمد ایوب معاون سیکرٹری اطلاعات میر فاروق لانگو شامل تھے۔ وفد نے ڈی آئی جی کوئٹہ کے ساتھ ملاقات میں کوئٹہ میں امن وامان ڈکیتی قتل وغارت گیری اور دیگر مسائل پر تفصیلی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ایوان صنعت وتجارت میں خواتین کو نمائندگی دینا خوش آئند ہے، مہوش جنجوعہ

بلوچستان کی خواتین میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر انہیں مناسب مواقع فراہم کئے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ کی ایگزیکٹو کمیٹی کی ممبر مہوش جنجوعہ نے کہا ہے کہ ایوان صنعت وتجارت میں خواتین کو نمائندگی دینا خوش آئند ہے اس سے خواتین کو اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کا موقع ملے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں مہوش جنجوعہ نے کہا کہ ملک کی آبادی کا نصف سے زائد حصہ خواتین پر مشتمل ہے خواتین کو تمام شعبوں میں برابر کی بنیاد پر نمائندگی دیئے بغیر ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا۔ انہوں بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کرچن ہسپتال کا گزشتہ 20 سالوں کا آڈٹ کروا کر انکی لوٹ مار کا حساب لیا جائے، ریاض مسیح

بلوچستان کے مسیحی چرچز اور اداروں کی ترقی کے لئے پشپ فریڈرک جان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ڈایوسیس آف کراچی و بلوچستان کے وائس چیئرمین ریاض مسیح نے کہا ہے کہ کلیسیا کے سینئر اراکین اور خواتین کے ساتھ بدتمیزی اور انہیں شدید زخمی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، دکام بالا سے مطالبہ ہے کہ کرچن ہسپتال کا گزشتہ 20 سالوں کا آڈٹ کروا کر انکی لوٹ مار کا حساب لیا جائے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو پشپ فریڈرک جان کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ضلع ژوب تمام اقوام پر مشتمل پھولوں کا گلدستہ ہیں، حاجی علاؤ الدین مندوخیل

اور جدید کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے تعلیم کے ساتھ ساتھ انفارمیشن ٹیکنالوجی پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے

ژوب (نامہ نگار) اور جدید کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے تعلیم کے ساتھ ساتھ انفارمیشن ٹیکنالوجی پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے جن قوموں نے تعلیم اور ٹیکنالوجی پر توجہ دی ہے دنیا میں انہیں اونچا مقام حاصل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار عوامی سیاسی وسماجی رہنما حاجی علاؤ الدین مندوخیل نے یونیورسل انسٹیٹیوٹ انفارمیشن ٹیکنالوجی ژوب کے زیر اہتمام 68 طلبا کو سالانہ ڈپلومہ کورس مکمل ہونے پر اسناد کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے حاجی علاؤ الدین بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

یوریا اسمگلنگ کو روکنے کے لیے خاران پولیس کا کردار ہمیشہ مثبت رہا ہے، نعیم بلوچ

بسیمہ واشک انتظامیہ جعلی این او سیز کے ذریعے روزانہ درجنوں گاڑیوں کو محفوظ راستہ فراہم کر رہا ہے

دیلا (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر نعیم بلوچ نے کہا ہے یوریا اسمگلنگ کو روکنے کے لیے خاران پولیس کا کردار ہمیشہ مثبت رہا ہے بسیمہ واشک انتظامیہ جعلی این او سیز کے ذریعے روزانہ درجنوں گاڑیوں کو محفوظ راستہ فراہم کر رہا ہے یوریا اسمگلنگ کی وجہ سے ملک میں یوریا کی قلت پیدا ہوا ہے فصلوں کی پیداوار میں شدید کمی آیا ہے بسیمہ خاران شاہو گیزی لوکنڈی کے راستے یوریا افغانستان اسمگل کیا جارہا ہے روزانہ درجنوں گاڑیاں بسیمہ کے راستے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

تحصیل گنداخہ کے تمام یوسیز میں گھر گھر سروے کیا جائے، جمعیت گنداخہ

تحصیلدار، پٹواری اپنے گنداخہ میں آکر کام کریں، قاری نذیر احمد شاکر مینگل

گنداخہ (نامہ نگار) تحصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام تحصیل گنداخہ کے امیر قاری نذیر احمد شاکر مینگل، جنرل سیکرٹری مولانا امان اللہ حقانی۔ ترجمان فرید احمد حیدری و تحصیل مجلس عاملہ تمام یوخو ذمہ داران نے مشترکہ بیان میں کہا کہ تحصیلدار، پٹواری اسٹاف تحصیل گنداخہ میں بیٹھ کر سیلاب متاثرین کے مسائل حل کریں۔ عوام سے نشیں اوستہ کے بجائے گنداخہ میں موصول کئے جائیں۔ ابتک کئی یوسیز کا گھر گھر عمل سروے نہیں کیا گیا۔ اے سی اوستہ محمد و گنداخہ کو ضلع میں تین روز تحصیل گنداخہ آنا چاہئے۔ سیلاب متاثرین کے مسائل انکے دہلیز پر حل کرے، خواہ مخواہ سیلاب متاثرین کو لسٹوں اور سامان کے نام پہ اوستہ محمد پٹ خوار نہ کیا جائے۔ پہلے سے ہی عوام سیلاب سے شدید متاثر ہیں۔ انہیں اوستہ و محمد پٹ آنے میں ہی بڑا کرایہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔

بی ٹی اے ژوب کا مختلف شخصیات کی وفات پر اظہار تعزیت

ژوب (نامہ نگار) کورنٹ کیچرز ایسوسی ایشن ژوب کے صدر فتح خان مندوخیل جنرل سیکرٹری مولانا سید مشہود شاہ اخوندزادہ چیئرمین عبداللطیف مندوخیل آرگنائزر نجیب خان کاکڑ سفر خان اچوزئی؛ خان محمد ولیوال؛ رئیس احمد؛ باران خان؛ عبدالرشید جاسر؛ امان اللہ کبزئی؛ علاؤ الدین حریفال؛ ضی